Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ عوام کی بے ساختہ للکار ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹرانچیف محمد فیصل ندیم

جلد 13 منگل 08 نومبر 2022ء، 12 ربیع الثانی 1444ھ، 23 کاتک 2079 ب م، قیمت 20 روپے شمارہ 179

فوج ہماری فخر، خلاف جانا ممکن نہیں، عمران خان کا لانگ مارچ جمعرات کو شروع کرنے کا اعلان

آصف علی زرداری اور نواز شریف سے کبھی سمجھوتا نہیں ہوسکتا، پوری قوم اب تیار ہے، الیکشن کی تاریخ لیکر ہی واپس آئیں گے، میرا لانگ مارچ ہر صورت میں منزل حاصل کریگا

آئی ایس پی آر کے حدود کار کو دفاعی و عسکری معاملات پر معلومات کے اجراء تک محدود کرنیکی ضرورت ہے، افواج پاکستان کے سپریم کمانڈر کے طور آپ سے التماس ہے آپ آئی ایس پی آر کی حدود کار کے تعین کے عمل کا آغاز کریں

لاہور (سٹاف رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) نے اپنے دوبارہ لانگ مارچ کا شیڈول تیسری مرتبہ تبدیل کر دیا۔ خیال رہے کہ ہفتہ کو قوم سے خطاب کرتے ہوئے پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین اور سابق وزیراعظم عمران خان نے کہا تھا کہ وزیرآباد سے دوبارہ لانگ مارچ کا آغاز ہوگا اور یہ لانگ مارچ منگل والے دن شروع ہوگا جس کی قیادت سابق وفاقی وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی کریں گے۔ تاہم پیر کو سینئر صحافیوں سے گفتگو کے دوران پی ٹی آئی چیئرمین نے کہا تھا کہ لانگ مارچ کی تاریخ دوبارہ تبدیل کردی گئی اب یہ لانگ مارچ منگل کے بجائے بدھ کو شروع ہوگا۔ سابق وزیراعظم عمران خان سے ملاقات کے بعد صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے پاکستان تحریک انصاف کے سینئر رہنما شاہ محمود قریشی نے کہا کہ لانگ مارچ کے دوران عمران خان پر قاتلانہ حملے کی ایف آئی آر ہمارے لیڈر کی شکایت پر درج کی

لاہور؛ وزیراعلیٰ پنجاب چوہدری پرویز الٰہی گلگت بلتستان کے وزیراعلیٰ خالد خورشید کو ملاقات کے موقع پر سوونیئر پیش کر رہے ہیں

وزیراعظم اور متحدہ عرب امارات کے صدر کے درمیان ملاقات

سیلاب متاثرین کی فراخ دلانہ امداد پر یو اے ای کی قیادت اور عوام کا شکریہ ادا کیا

شرم الشیخ (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف اور متحدہ عرب امارات کے صدر محمد بن زاید آل نہیان کے درمیان مصر میں کاپ 27 سربراہی اجلاس کے موقع پر ملاقات ہوئی وزیراعظم شہباز شریف نے سیلاب متاثرین کی فراخ دلانہ امداد پر یو اے ای کی قیادت اور عوام کا شکریہ ادا کیا۔ وزیراعظم نے موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات کا مقابلہ کرنے کے لیے کاپ 27 کے عزم کو نیک شگون قرار دیا۔

سپریم کورٹ کا عمران خان پر حملے کی FIR درج کرنے کا حکم

آئی جی صاحب! جب تک آپ عہدے پر ہیں کوئی آپ کے کام میں مداخلت نہیں کرے گا، آپ کے کام میں کسی نے مداخلت کی تو عدالت اس کے کام میں مداخلت کرے گی، ریمارکس

ہم نے واقعہ کی ایف آئی آر درج کرنے کیلئے وزیراعلیٰ پنجاب سے بات کی، کچھ تحفظات کا اظہار کیا ہے، آئی جی پنجاب، مقدمہ درج نہ ہونے کی ٹھوس وجہ ہونی چاہیے، جسٹس عمر عطا بندیال

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے آئی جی پنجاب پولیس کو سابق وزیراعظم اور چیئرمین پاکستان تحریک انصاف عمران خان پر حملے کی ایف آئی آر درج کرنے کا حکم دیتے ہوئے عمران خان کے وکیل کو ایک ہفتے تک جواب جمع کرانے کی مہلت دیدی۔

لاہور؛ تحریک انصاف کے وائس چیئرمین شاہ محمود قریشی پریس کانفرنس کر رہے ہیں

سعودی ولی عہد محمد بن سلمان

21 نومبر کو پاکستان کا دورہ کریں گے

اسلام آباد/ریاض (ویب ڈیسک) سفارتی حکام نے رواں ماہ سعودی ولی عہد اور وزیراعظم محمد بن سلمان کے دورہ پاکستان کا امکان ظاہر کر دیا۔

گورنر سندھ سے گورنر پنجاب بلیغ الرحمان کی ملاقات

عہدہ سنبھالنے پر مبارکباد دی، صوبوں کے درمیان تعاون میں اضافہ پر تبادلہ خیال

کراچی (این این آئی) گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری سے گورنر پنجاب بلیغ الرحمان نے گورنر ہاؤس میں ملاقات کی۔ ملاقات میں بلیغ الرحمان نے گورنر سندھ کو عہدہ سنبھالنے پر مبارکباد دیتے ہوئے گورنر سندھ کو لاہور آنے کی دعوت بھی دی۔

وزیراعظم کی عرب لیگ کے سیکرٹری جنرل سے ملاقات

ملاقات میں دوطرفہ اور باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال، موسمیاتی تبدیلیوں کے تباہ کن اثرات سے بچاؤ کیلئے بھرپور تعاون پر اتفاق کیا گیا

وزیراعظم کی یورپی یونین کمشنر ارسلا وون ڈر لیئین سے بھی ملاقات، موسمیاتی تبدیلیوں کیلئے متحدہ کوششوں سے اتفاق

شرم الشیخ (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے عرب لیگ کے سیکرٹری جنرل سے ملاقات کی جس میں دوطرفہ اور باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ جاری اعلامیہ کے مطابق ملاقات میں موسمیاتی تبدیلیوں کے تباہ کن اثرات سے بچاؤ کے لئے بھرپور تعاون پر اتفاق کیا گیا۔

عمران خان کا صدر مملکت کو خط، ملک میں آئین و قانون کے انحراف کی راہ روکنے کیلئے اقدامات اٹھانے کا مطالبہ

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین تحریک انصاف عمران خان نے صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی کو خط لکھ کر ملک میں آئین و قانون کے انحراف کی راہ

پنجاب حکومت نے چولستان ڈویلپمنٹ اتھارٹی کی تشکیل نو کردی

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے چولستان ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) کی تشکیل نو کردی ہے۔ صوبائی وزیر پارلیمانی امور، تحفظ ماحول وکوآپریٹوز محمد بشارت راجہ کو اتھارٹی کا چیئرمین مقرر کیا گیا ہے۔ اس ضمن میں چیف سیکرٹری پنجاب کی طرف سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق ایم پی اے محمد افضل چولستان ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے وائس چیئرمین ہونگے جبکہ ایم پی ایز احسان الحق، فوزیہ عباس نعیم، متعلقہ سیکرٹریز، کمشنر بہاولپور سمیت دیگر 19 افسروں کو ممبر نامزد کیا گیا ہے۔

وزارت داخلہ نے پنجاب حکومت پر عمران خان حملے کے شواہد ضائع کرنے کا الزام عائد کر دیا

وفاقی وزارت داخلہ نے چیف سیکریٹری پنجاب، ایڈیشنل چیف سیکریٹری محکمہ داخلہ پنجاب اور آئی جی پنجاب کو خط ارسال کیا ہے، ابھی تک ایف آئی آر درج کیوں نہیں ہوئی؟

حقیقت یہ ہے کہ مذکورہ کیس کی ایف آئی آر جو کہ عام طور پر کسی بھی واقعے کے 24 گھنٹے کے اندر درج کی جانی چاہیے تھی، 36 گھنٹے بعد بھی درج نہیں کی گئی، خط

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزارت داخلہ نے عمران خان پر حملے کی ایف آئی آر 36 بعد بھی درج نہ ہونے پر حیرانی کا اظہار کرتے ہوئے مقدمے کو کمزور کرنے اور کیس کے شواہد ضائع کرنے کا ذمہ دار پنجاب حکومت کو قرار دیا ہے۔ ذرائع کے مطابق وفاقی وزارت داخلہ نے چیف سیکریٹری پنجاب، ایڈیشنل چیف سیکریٹری محکمہ داخلہ پنجاب اور آئی جی پنجاب کو خط ارسال کیا ہے جس میں پی ٹی آئی کے قافلے پر تین نومبر کو ہونے والی فائرنگ کے واقعہ سے متعلق دریافت کیا گیا ہے۔ خط میں وزارت داخلہ نے ہائی پروفائل کیس کو غلط طریقے سے ڈیل کرنے پر مرکز کے شدید تحفظات سے پنجاب حکومت کو آگاہ کیا ہے اور وفاقی حکومت نے اس بات پر حیرانی کا اظہار کیا ہے کہ ابھی تک ایف آئی آر درج کیوں نہیں ہوئی؟ خط میں کہا گیا ہے کہ حقیقت یہ ہے کہ مذکورہ کیس کی ایف آئی آر جو کہ عام طور پر کسی بھی واقعے کے 24 گھنٹے کے اندر درج کی جانی چاہیے تھی۔

ہمارا المیہ ہے ریاست اپنی ذمہ داریاں نبھانے میں ناکام رہی ہے، جسٹس اطہر من اللہ

ہماری آدھی سے زیادہ زندگی ڈکٹیٹرشپ میں گزر گئی، ہم نے اپنے فیصلوں میں بار بار دہرایا ہے کہ قانون کے حکمرانی نہیں، فل کورٹ ریفرنس سے خطاب

فیصلوں میں لکھا کہ قانون صرف اشرافیہ کے لیے ہے، سیاسی قیادت کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے جھگڑے عدالتوں میں نہ لائیں اور پارلیمنٹ کو مضبوط کریں

اسلام آباد (آن لائن) چیف جسٹس اسلام آباد ہائی کورٹ جسٹس اطہر من اللہ نے کہا ہے یہ ہمارا المیہ ہے کہ ریاست اپنی ذمہ داریاں نبھانے میں ناکام رہی، ہماری آدھی سے زیادہ زندگی ڈکٹیٹرشپ میں گزر گئی ہم نے اپنے فیصلوں میں بار بار دہرایا ہے کہ قانون کے حکمرانی نہیں، فیصلوں میں لکھا کہ قانون صرف اشرافیہ کے لیے ہے، سیاسی قیادت کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے جھگڑے عدالتوں میں نہ لائیں اور پارلیمنٹ کو مضبوط کریں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے اعزاز میں اسلام آباد ہائی کورٹ کی طرف سے دیئے جانے والے فل کورٹ ریفرنس میں کیا۔ انھوں نے کہا عدلیہ بھی اختیارات کی تقسیم کے اصول کو مدنظر رکھنے کی پابند ہے ہم نے آئین کے تحفظ کا حلف اٹھایا ہے سویلین سپرمیسی اور آئین کی سپرمیسی کا سوال ہوا جس کا جواب نفی میں ہے، آئین کی عملداری اسی وقت ہوسکتی ہے جب مائنڈ سیٹ تبدیل ہو۔

کراچی؛ وفاقی وزیر آئی ٹی سید امین الحق تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

عمران خان حملہ، ایک اور نوجوان زیر حراست، گرفتار ملزمان کی تعداد 5 ہوگئی

وزیرآباد (این این آئی) چیئرمین پاکستان تحریک انصاف عمران خان پر حملے کی تحقیقات میں پیش رفت، وزیرآباد سے ایک اور نوجوان گرفتار کرلیا گیا جس کے بعد گرفتار ملزمان کی تعداد 5 ہوگئی۔ تفصیلات کے مطابق چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان پر لانگ مارچ کے دوران قاتلانہ حملے کے الزام میں ایک اور ملزم کو حراست میں لے لیا گیا۔

خیبر پختونخواہ، پنجاب میں گورنر راج ناگزیر ہو چکا، امیر مقام

عمران خان صرف جھوٹ کے ذریعے قوم کو گمراہ کر رہا ہے، وزیراعظم کے مشیر

لاہور (این این آئی) وزیراعظم کے مشیر انجینئر امیر مقام نے کہا ہے کہ ملک کے جو حالات ہو چکے ہیں اب خیبر پختونخواہ اور پنجاب میں گورنر راج ناگزیر ہو چکا ہے، عمران خان صرف جھوٹ کے ذریعے قوم کو گمراہ کر رہا ہے، اس کے پیروکاروں کو یہی معلوم نہیں وہ کیوں اسلام آباد پر چڑھائی کرنا چاہتے ہیں۔

وزیر مذہبی امور سے ترکی کے سفیر ڈاکٹر مہمت پاچاجی کی ملاقات

اسلام آباد (این این آئی) ترکی اور پاکستان میں مذہب، مسلک اور سلسلہ صوفیائے کرام کی قدریں مشترک ہیں۔ یہ بات وفاقی وزیر مذہبی امور مفتی عبدالشکور نے ترک سفیر سے اپنے دفتر میں ملاقات کے دوران کہی۔ پاکستان میں تعینات ترک سفیر ڈاکٹر مہمت پاچاجی نے آج سوموار کے روز وفاقی وزیر مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی سے انکے دفتر میں ملاقات کی۔

کراچی؛ گورنر پنجاب محمد بلیغ الرحمان اور گورنر سندھ کامران ٹیسوری ملاقات کر رہے ہیں

پنجاب میں بلدیاتی انتخابات کے انعقاد کیلئے 45 ارب روپے طلب

لاہور (آن لائن) پنجاب حکومت کی جانب سے صوبے میں بلدیاتی الیکشن کے انعقاد کے عندیہ کے بعد الیکشن کمیشن پنجاب متحرک ہوگیا ہے۔ بتایا گیا ہے کہ الیکشن کمیشن نے پنجاب میں بلدیاتی انتخابات میں الیکٹرانک ووٹنگ کے لئے پنجاب حکومت سے 45 ارب روپے طلب کر لئے ہیں اور اس معاملے پر مزید مذاکرات کے لئے سیکرٹری بلدیاتی پنجاب کو بھی طلب کرلیا ہے۔

منظر عام پر آنے والی ویڈیو کا ایک حصہ درست ہے، اعظم سواتی

میں اصلی ویڈیو اپنے ممبران اور سپریم کورٹ کے ساتھ شیئر کروں گا، رہنما تحریک انصاف سینیٹر اعظم سواتی کی گفتگو

ہمارے فوجی جوان ملک کی حفاظت کر رہے ہیں، یہ ہماری عزت و ناموس کے ذمہ دار ہیں، میڈیا سے بات چیت

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے سینیٹر اعظم سواتی نے سپریم کورٹ کے چیف جسٹس عمر عطا بندیال سے مکالمہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ میری جو ویڈیو منظر عام پر آئی ہے، اس کا ایک حصہ بالکل درست ہے۔ سپریم کورٹ میں چیف جسٹس پاکستان عمر عطا بندیال کی زیر سربراہی 5 رکنی بینچ نے عمران خان کے خلاف توہین عدالت کیس کی سماعت کی۔ دوران سماعت کے دوران سینیٹر اعظم سواتی بھی روسٹرم پر پہنچے۔

ترک حکومت کی عمران خان کو اپنے ملک میں علاج کی پیشکش

عمران خان علاج کے لیے آنا چاہتے ہیں تو انہیں تمام سہولیات فراہم کی جائیں گی، ترک وزیر خارجہ کی شاہ محمود سے گفتگو

چوہدری پرویز الٰہی ایک سے زائد بار کہہ چکے ہیں کہ وہ عمران خان کے ساتھ کھڑے ہیں، ان پر شک کرنے کی کوئی گنجائش نہیں، شاہ محمود قریشی

لاہور (سٹاف رپورٹر) ترکیہ کی حکومت نے سابق وزیراعظم عمران خان کو اپنے ملک میں علاج کی پیشکش کردی۔ لاہور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے تحریک انصاف کے رہنما شاہ محمود قریشی نے کہا کہ چوہدری پرویز الٰہی ایک سے زائد بار کہہ چکے ہیں کہ وہ عمران خان کے ساتھ کھڑے ہیں، ان پر شک کرنے کی کوئی گنجائش نہیں۔ انہوں نے کہا کہ پرویز الٰہی نے عمران خان کو گجرات میں میزبانی کی دعوت دی۔

لاہور؛ صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر یاسمین راشد اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

حکومت کا خوف بڑھتا، فیصلے بدلتے جا رہے ہیں، اسد عمر

کیا ریاستی ادارے اپنا کردار ادا کریں گے؟، سیکرٹری جنرل تحریک انصاف

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما و سابق وفاقی وزیر اسد عمر نے کہا ہے کہ حکومت کا خوف بڑھتا جا رہا ہے، فیصلے بھی بدلتے جا رہے ہیں۔

سال کا دوسرا و آخری چاند گرہن (آج) ہوگا

لاہور (این این آئی) رواں سال کا دوسرا اور آخری چاند گرہن آج (منگل) ہوگا۔

کینیڈا میں ''آزاد خالصتان'' کیلئے ریفرنڈم کے دوسرے مرحلے کا آغاز

ٹورنٹو (این این آئی) کینیڈا کے شہر مسی ساگا اور ٹورنٹو سمیت کئی شہروں میں آزاد خالصتان کیلئے ہونے والے ریفرنڈم کے دوسرے مرحلے کا آغاز ہوگیا۔ سکھ فار جسٹس کے زیر اہتمام '' خالصتان '' کے قیام کیلئے ریفرنڈم میں کینیڈا کے مختلف شہروں سے تقریبا 2 لاکھ سکھ اپنا حق رائے دہی استعمال کریں گے۔

لاہور؛ ڈپٹی کمشنر لاہور محمد علی کھلی کچہری میں آئے سائلین کے مسائل سن رہے ہیں

پی ٹی آئی احتجاج، اسلام آباد کے راستے بند، حکومت مخالف نعرے بازی

پی ٹی آئی کے کارکنان احتجاج کے لیے سڑکوں پر آ گئے، لاہور اور پشاور موٹروے سمیت متعدد سڑکیں ٹائر جلا کر بلاک کر دیں

گلزار قائد ایئرپورٹ روڈ پر پی ٹی آئی کے کارکنان کا احتجاج جاری ہے، مظاہرین نے سڑک بلاک کر دی گاڑیوں کا رش لگ گیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف) پی ٹی آئی (کے کارکنوں اور رہنماؤں نے شمس آباد میں کئی گھنٹے سے احتجاج کرتے ہوئے مری روڈ پر ٹائر جلا کر ٹریفک بند کر دی۔ راولپنڈی کے مختلف علاقوں میں پاکستان تحریک انصاف) پی ٹی آئی (کے کارکنان احتجاج کے لیے سڑکوں پر آ گئے، لاہور اور پشاور موٹروے سمیت متعدد سڑکیں ٹائر جلا کر بلاک کر دیں۔ گلزار قائد ایئرپورٹ روڈ پر پی ٹی آئی کے کارکنان کا احتجاج جاری ہے۔

کراچی؛ وفاقی وزیر آئی ٹی سید امین الحق تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

ضرورت نمائندگان

عوامی للکار گروپ آف نیوز پیپرز کو ملک بھر سے

بیورو چیف
ڈپٹی بیورو چیف
ڈسٹرکٹ رپورٹر
تحصیل رپورٹر
سٹی رپورٹر
کرائم رپورٹر
نمائندہ خصوصی
علاقائی رپورٹر
کیمرہ مین

کی فوری ضرورت ہے تجربہ کار اور صحافت میں اپنا نام پیدا کرنے کے خواہشمند حضرات رابطہ کریں

رابطہ نمبر

محمد فیصل ندیم 0309-7900035

A Name of Quality & Trust

HASSAN
Consultant
Architects & Engineers

The Best House for your Family

اپنے گھر، پلازہ، بلڈنگ دوکانات کے کمپیوٹرائزڈ نقشہ جات بنوانے کیلئے تشریف لائیں

M. Hassan Shahzad
Chief Executive Officer
0303-2167236
0311-8700236
Office: Patha mandi Chowk 14 Block sargodha.

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی
Daily Awami Lalkaar
ABC Certified عوام کی بے ساختہ للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

ایڈیٹوریل پیج

معاشی واقتصادی اہداف کا تعین کیجیے

پاکستان اور چین نے سی پیک پر کام کرنے والے چینی باشندوں کی آٹ ڈور نقل وحرکت کے دوران سیکیورٹی بہتر بنانے کے لیے بلٹ پروف گاڑیاں استعمال کرنے، قانون نافذ کرنے والے اداروں اور تفتیش کاروں کی صلاحیتوں کو بہتر بنانے پر اتفاق کیا ہے۔ پاکستان اور چین کی جوائنٹ کوآپریشن کمیٹی) جے سی سی (کے 11ویں اجلاس میں اس معاملے میں باہمی تبادلہ خیال کیا گیا۔ سی پیک نہ صرف پاکستان بلکہ اس خطے کے لیے انتہائی اہم ترین منصوبہ ہے۔ اس منصوبے سے خطے کے دیگر ممالک کو بھی زبردست معاشی فائدہ ہوگا، لیکن پاکستان کے دشمن یہ خواہش رکھتے ہیں کہ پاکستان معاشی طور پر مستحکم نہ ہو سکے اور اپنے ان مذموم مقاصد کے حصول کے لیے وہ چینی باشندوں کو پاکستان میں جاری ترقیاتی پروجیکٹس کے آس پاس نشانہ بناتے ہیں تاکہ پاکستان اور چین کے تعلقات خراب ہو جائیں اور چین سی پیک کا منصوبہ ترک کردے، لیکن دشمن کی یہ خواہش کبھی پوری نہ ہو سکے گی۔ چند روز پیشتر وزیراعظم شہباز شریف انتہائی کامیاب دورہ چین سے واپس لوٹے ہیں، جس میں چین نے یقین دہانی کروائی ہے کہ وہ پاکستان کو معاشی مشکلات سے نکلنے میں مدد فراہم کرے گا۔ دراصل پاکستان میں چین کی سرمایہ کاری مسلسل بڑھ رہی ہے۔ جدید ٹیکنالوجی آرہی ہے جو ایک مثبت علامت ہے۔ توقع ہے کہ جب سی پیک منصوبے مکمل ہو جائیں گے اور خصوصی اکنامک زون میں معاشی سرگرمیاں تیز ہوں گی تو پاکستان کی برآمدات میں بھی اضافہ ہوگا۔ سینٹرل ایشیا کے ممالک بھی پاکستان کے راستے یورپ اور مڈل ایسٹ تک اپنی مصنوعات بھیج سکتے ہیں۔ اس وقت دنیا کو افغانستان کی مدد کرنے کی بھی ضرورت ہے، پاکستان اپنے افغان بھائیوں کی بھرپور مدد کر رہا ہے، لیکن ہمارے وسائل محدود ہیں۔ امریکا، برطانیہ اور یورپی یونین کو چاہیے کہ وہ نئے سال میں افغانستان کو قحط سالی سے بچانے کے لیے اپنا کردار ادا کریں۔

پاکستان ان ممالک میں شامل ہے جہاں مہنگائی اور غربت بڑھتی جارہی ہے، جس کی وجہ سے خورونوش کی اشیا بھی عام آدمی کی دسترس سے باہر نظر آتی ہیں اور غریب آدمی کے گھر کے چولہے ٹھنڈے ہو گئے ہیں جو لوگوں کو سوچنے پر مجبور کرتے ہیں آخر عوام کا قصور کیا ہے۔ ہمارے ہاں زیادہ تر ٹیکس چوری سرمایہ دار، صنعت کار اور امرا کرتے ہیں۔ ملک میں بیروزگاری میں دن بہ دن اضافہ ہوتا جارہا ہے، اسی لیے عوام کا رجحان ملک کے بجائے بیرون ملک جا کر نوکری کرنے کا بڑھتا جارہا ہے۔ ہم سب جانتے ہیں کہ پاکستان کا شمار زرعی ممالک میں ہوتا ہے، ہماری مٹی بہت زرخیز ہے، ستر فیصد آبادی کا انحصار زراعت پر ہے۔ زرعی شعبے میں جدت لانے اور فی ایکڑ پیداوار میں اضافے کے لیے ابھی بہت کام کرنے کی ضرورت ہے، اگر ہم اپنے اہداف میں زرعی ترقی کو بھی شامل کرلیں تو آئندہ چند سال میں نہ صرف پاکستان کو زرعی شعبے میں خودکفیل کر سکتے ہیں بلکہ اجناس اور زرعی مصنوعات برآمد کرکے اربوں ڈالر بھی کما سکتے ہیں۔ اب ایک اہم بات یہ بھی ہے کہ زراعت اور زندہ رہنے کے لیے پانی بہت ضروری ہے۔ دوسری طرف دنیا میں پانی کا بحران بھی بڑھ رہا ہے زیر زمین پانی مسلسل نیچے جارہا ہے۔ نئے ڈیمز کی جلد از جلد تعمیر وقت کی ضرورت ہے۔ اس حوالے سے کئی کتابیں اور ریسرچ آرٹیکلز شایع ہو چکے ہیں جن میں خدشہ ظاہر کیا گیا ہے کہ پانی کا بحران اتنا بڑھ جائے گا کہ آئندہ جنگیں پانی پر ہوں گی۔ ہمارے پاس کسان بھی ہیں اور زمین بھی، بس ہمت کی ضرورت ہے۔ کسی بھی ملک کی ترقی میں توانائی اہم کردار ادا کرتی ہے۔ پٹرول، گیس اور بجلی، کارخانے اور زندگی کے معمولات چلانے کے لیے بنیادی ضرورت ہے۔ توانائی کا حصول آج بھی دنیا کی سیاست کا محور ہے۔ ہر سال اربوں روپے پٹرول اور ایل پی جی برآمد کرنے پر خرچ ہو جاتے ہیں۔ ہمیں توانائی کے متبادل ذرایع تلاش کرنے چاہئیں تاکہ مصنوعات پر آنے والی لاگت کو کم کیا جاسکے تو دوسری طرف ایکسپورٹ بل کو بھی نیچے لایا جائے، اگر پٹرول اور ایل پی جی کی درآمد کا بل آدھا ہو جائے تو اس سے زرمبادلہ کے بحران پر کافی حد تک قابو پایا جاسکتا ہے۔

ترقی یافتہ ممالک کی مثالیں ہمارے سامنے ہیں جو آیندہ چند سال تک پٹرول پر انحصار کم سے کم کردیں گے۔ اس کی سب سے بڑی مثال الیکٹرک اور شمسی کاریں ہیں۔ پاکستان میں اس حوالے سے کچھ اداروں نے کام شروع کیا ہے جسے اس سال تیز کرنے کی ضرورت ہے۔ ہمارے قدرتی گیس کے ذخائر بھی تیزی سے کم ہو رہے ہیں، یہ ایک بڑا چیلنج ہے اس لیے ہمیں بہت سنجیدگی کے ساتھ نئی منصوبہ بندی کرنا ہوگی اور توانائی کی ضروریات پوری کرنے کے لیے اپنے وسائل پر انحصار کرنا پڑے گا۔ توانائی کی بڑھتی ہوئی ضروریات اس بات کا اشارہ ہیں کہ ملک ترقی کر رہا ہے، نئے کارخانے لگ رہے ہیں اور پیداوار بڑھ رہی ہے۔ اس وقت ہمیں سب سے بڑا چیلنج معاشی مشکلات کا ہے۔ وسائل کم ہوں تو بڑھتی ہوئی آبادی بھی ایک بڑا مسئلہ ہے، لیکن منصوبہ بندی کے ذریعے اسی آبادی کا رخ ملک وقوم کی ترقی کی طرف موڑا جاسکتا ہے، آج کی دنیا میں ہمارے سامنے بڑی مثال ہمارے دوست ملک چین کی ہے، اسی طرح برازیل اور برادر اسلامی ملک انڈونیشیا نے بھی منصوبہ بندی اور اپنی آبادی کے بل بوتے پر تیز رفتار معاشی ترقی کی۔

آج انڈونیشیا اور برازیل دونوں سلامتی کونسل کی مستقل نشست کے خواہش مند ہیں۔ پاکستان 22 کروڑ آبادی کے ساتھ دنیا میں پانچویں نمبر پر ہے، جب کہ ہر سال ایک اندازے کے مطابق آبادی میں چالیس سے پچاس لاکھ کا اضافہ ہو رہا ہے۔ اقوام متحدہ کی ایک رپورٹ کے مطابق 2050 تک ہماری آبادی چالیس کروڑ کے قریب پہنچ جائے گی۔ اب اتنی بڑی آبادی کو بنیادی ضروریات فراہم کرنے اور اس آبادی سے فائدہ اٹھانے کے لیے ٹھوس منصوبہ بندی کی ضرورت ہے۔ ہمارا جی ڈی پی یا ترقی کی رفتار بعض ترقی پذیر ممالک سے کم ہے، تاہم مثبت بات یہ ہے کہ ہماری آبادی کا بڑا حصہ نوجوانوں پر مشتمل ہے، ان نوجوانوں کو مناسب تربیت دے کر معیشت کو ترقی دی جاسکتی ہے، اگر ہم اپنے لاکھوں نوجوانوں کو مختلف شعبوں میں ہنرمند بناتے ہیں تو اس کا فائدہ نہ صرف پاکستان بلکہ پوری دنیا کو ہوگا۔ اس وقت ہم اپنی آبادی کی طاقت کا فائدہ نہیں اٹھا رہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ ہمارے یہاں ہنرمند افراد کی کمی ہے۔ ہمیں امریکی اور یورپی ماہرین نے پاکستان آکر سافٹ ویئر کی تربیت فراہم کی اور اس پر کام کرنا سکھایا۔ کچھ ایسا ہی حال دیگر شعبوں کا ہے۔ اس لیے یہ بات بہت ضروری ہے کہ اپنے نوجوانوں کو روایتی اور رٹا تعلیم دینے کے بجائے انھیں ان کے پسند کے شعبوں میں ہنرمند بنایا جائے۔ اس کے لیے منصوبہ بندی کی ضرورت ہے۔ یہ لاکھوں پاکستانی نوجوان نہ صرف پاکستان، بلکہ دنیا کی تقدیر بدل سکتے ہیں۔ یہ آئی ٹی کا دور ہے اور یہ نوجوان ہی ہیں جو اس شعبے میں کارنامے انجام دے رہے ہیں۔ ہنگامی بنیادوں پر نوجوانوں کی تربیت کے شارٹ ٹرم اور لانگ ٹرم کورسز شروع کروائے جاسکتے ہیں، اچھی بات یہ ہے کہ سرکاری اور نجی اداروں نے اس بات کو محسوس کیا ہے اور نوجوانوں کی ایک بڑی تعداد کمپیوٹر سمیت جدید ٹیکنالوجی میں مہارت حاصل کر رہی ہے، اگر ہم دیکھیں تو ترقی یافتہ ممالک اور مختلف پرائیویٹ ادارے نئے نئے تجربات کر رہے ہیں۔ فیس بک جیسا ادارہ میٹاورس پر کام کر رہا ہے، مختلف ممالک آنے والے دور کی کوانٹم کمپیوٹر ٹیکنالوجی پر اربوں روپے خرچ کر رہے ہیں۔ ہمیں یہ سمجھنے کی ضرورت ہے کہ کمپیوٹر ٹیکنالوجی صرف یہاں نہیں رکے گی اس میں نئے تجربات ہو رہے ہیں، آنے والی دنیا ایک ایسی دنیا ہوگی جس کے بارے میں عام آدمی تصور بھی نہیں کرسکتا۔ جس طرح کبھی ہم نے اسمارٹ موبائل فون کے بارے میں نہیں سوچا تھا، آج اسمارٹ فون سے کیا کام نہیں لیا جارہا۔ ترقی اور جدت کا یہ سفر کبھی جمود کا شکار نہیں ہوگا، ترقی کی ایک دوڑ لگی ہوئی ہے۔ ہمیں خود کو نہ صرف اس کے لیے تیار کرنا ہے بلکہ ہم کوشش کریں تو اس شعبے میں دنیا کی قیادت بھی کرسکتے ہیں۔ اس کے لیے صرف منصوبہ بندی اور عزم کی ضرورت ہے۔ اگر ہم دوسرے ممالک سے قرضے لینے سے اجتناب کرے، ملکی زرمبادلہ بڑھائیں، ٹیکس کا نفاذ ہر عام وخاص پر کیا جائے اور نوکری میرٹ کی بنیاد پر دی جائے تو وہ وقت دور نہیں جب ہم ترقی یافتہ ممالک کے شانہ بشانہ کھڑے ہوں گے اور ہماری آنے والی نسلیں ہمارے ملک کا نام روشن کریں گی ان تمام تر حالات وواقعات کے تناظر میں ضرورت واہمیت اور وقت وحالات یہ بتاتے ہیں کہ ہم خود پاکستان کے ان تمام مسائل کے کافی حد تک ذمے دار ہیں۔ ہم ملک کو معاشی بحران سے نکالنے میں اپنا کردار ادا کر سکتے ہیں۔ اس میں پہلا فرض تو یہ ہی ہے کہ دیانت داری کے ساتھ اپنا ٹیکس ادا کریں تاکہ حکومت کو حاصل ریونیو میں اضافہ ہو، دوسرے اگر ہم کسی کاروبار سے منسلک ہیں تو ہماری کوشش ہونی چاہیے کہ زیادہ سے زیادہ زرمبادلہ پاکستان آئے۔ امپورٹ کو کم کریں اور ایکسپورٹ بڑھانے کی کوشش کریں۔ باہر سے ہمارے عزیز واقارب جو پیسہ بھیجتے ہیں اگر وہ قانونی ذرایع سے بھیجیں تو اس سے بھی ملکی معیشت کو سہارا ملتا ہے جب کہ ہنڈی سے بھیجے گئے پیسوں کا ملک کو نقصان پہنچتا ہے۔ اسمگل شدہ چیزیں استعمال نہ کریں، کوشش کریں میڈان پاکستان اشیا خریدیں، اس سے مقامی معیشت کا پہیہ چلنے میں مدد ملے گی۔

آزاد کشمیر میں بلدیاتی انتخابات کا انعقاد

آزاد کشمیر مین 32 سال بعد ہونے والے بلدیاتی الیکشن اونٹ کس کروٹ بیٹھے گا آزاد کشمیر مین 29 نومبر 1989 کو بلدیاتی انتخابات ہوئے اور جنوری کے پہلے ہفتے مین بلدیاتی ادارے مکمل ہوئے اور 1996 تک کسی نے بلدیاتی الیکشن کے حوالے سے ذکر نہیں کیا 96 مین بریسٹر سلطان محمود چوہدری کی حکومت مین الیکشن کا اعلان ہوا لوگوں نے جوش خروش کے ساتھ کاغذات اور نا قابل واپسی فیس بھی جمع کرائی اسکے بعد جو بھی آیا وعدے کرتے رہیے عمل کسی نے نہین کیا پیپلز پارٹی کے وزیراعظم چوہدری مجید نے لوگوں کو تھل تسلیاں دے کر پانچ سال پورے کیئے مسلم لیگ نے بلدیاتی الیکشن کے وعدے پر الیکشن لڑے لیکن فاروق حیدر نے بھی پانچ سال لوگوں کو چونا لگایا لیکن بلدیاتی الیکشن نہین کرائے اور اب کہتے ہین غلطی ہوگئی مین نے شاہ

تحریر: سردار قدیر خان

غلام قادر کی بات مانی اور بلدیاتی الیکشن نہ کرا کر سب سے بڑی غلطی پاکستان مین جس پارٹی کی حکومت ہو اسکی فرنچائز راتوں رات کھل جاتی ہیے پاکستان میں تحریک انصاف کو فوج نے حکومت عطا کی تو آزاد کشمیر مین مین بھی لازم تھا کے تحریک انصاف قائم ہو چناچہ الیکشن ہوئے تو راتوں رات آزاد کشمیر مین بھی پاکستان تحریک انصاف کی حکومت قائم ہوئی سردار عبدالقیوم نیازی وزیراعظم بنے تو انہوں نے بھی بلدیاتی انتخابات کروانے کا فیصلہ کیا انکی حکومت چند ماہ رہی لیکن انکی جماعت کے صدر سردار تنویر الیاس نے عدم اعتماد کے بعد وزیراعظم کا چارج سنبھالا توانہوں نے بھی بلدیاتی الیکشن کا اعلان کیا آزاد کشمیر کے عوام کی ہلکی سی آواز بھی بلدیاتی الیکشن کے حوالے سے بلند ہوتی رہی عوام نے عدالت عالیہ سے رجوع کیا عدالت عالیہ نے بھی الیکشن کرانے کا حکم دیا حکومت وقت نے سپریم کورٹ میں اپیل دائر کی سپریم کورٹ نے الیکشن کرانے کا حکم صادر فرمایا تو حکومت پھر وقت لینے چلی گئی لیکن عدالت عظمیٰ نے 30 نومبر سے قبل الیکشن کرانے کے احکامات صادر فرمائے اور ساتھ ہی 87 کی مردم شماری کے تحت حلقہ بندیاں بنانے کا حکم بھی جاری کیا جس سے بڑی خرابیاں پیدا ہوئی بیثال کے طور پر راولاکوٹ مین میونسپل کمیٹی تھی اور اسکے 23 ممبر تھے اب میونسپل کارپوریشن بن گئی رقبے مین بھی اضافہ ہوا لیکن سیٹ کم ہوکر 22 ہوگئی 87 سے 22 تک ابادی مین کئی گنا اضافہ ہوا اسطرہ سے بے شمار خرابیاں بھی پیدا ہوئی نہ جانے عدالت عظمیٰ کو ایسا بیہودہ فیصلہ کرنے کی کیا مجبوری تھی تاہم حکومت عدالتی حکم پر الیکشن کرانے مین پر عزم ہیے لوگوں مین بہت شور شور دیکھنے مین آیا کاغذات نامزدگی جمع ہوگے امیدواران کو انتخابی نشانات بھی الاٹ ہوگئے لیکن اب بھی غیر یقینی کی صورتحال ہیے لوگ سوال کرتے ہین کے الیکشن ہونگے اسکی بڑی وجہ یہ ہیے کے پاکستان نے اندرونی حالات کے پیش نظر سیکورٹی دینے سے انکار کردیا اور حکومت آزاد کشمیر کو تحریری طور پر آگاہ کردیا ہیے لیکن حکومت پر عزم ہیے کے بلدیاتی الیکشن ہر حال مین مقررہ وقت پر ہونگے ابھی چند دن اہم ہین حکومت نے سابق فوجیوں اور پولیس کے زریعے بھی الیکشن کرانے کا شوشہ چھوڑا ہیے اسکے لیئے بھی وقت درکار ہوگا پاکستان کے ساتھ بھی سیکورٹی کے امور پر بات چیت جاری ہیے وقت محدود ہیے 27 نومبر قریب ہیے اب دیکھتے ہین کے یہ اونٹ کس کروٹ بیٹھتا ہیے پھر ہار جیت اور دیگر مسائل پر لب کشائی کی جاے گی۔

قومی اسمبلی میں وفاقی وزراء کی عمران خان پر شدید تنقید

قومی اسمبلی میں وفاقی وزراء نے پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان کو شدید تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا ہے کہ عمران خان کا لانگ مارچ مردہ لاش بن چکا ہے، گزشتہ پونے چار سال جس شخص کی حکومت تھی اس نے ملک کے اندر سیاسی عدم استحکام بھی پیدا کیا اور معاشی عدم استحکام بھی پیدا کیا، ہم نے اسی پارلیمان کے اندر حکومت بنائی جس پارلیمان کو وہ تبدیلی کا علمبردار کہتا ہے، ہم تمہاری ذمہ داریوں کا بوجھ اٹھا رہے ہیں جو حکومت اور معیشت تم سے نہیں سنبھالی جا رہی تھی ہم نے اپنے کندھے پیش کئے اور ہم نے اس معیشت کا بوجھ بھی اپنے کندھوں پر اٹھایا، ہم نے عرب ممالک کا اعتماد بھی پاکستان کے حوالے سے بحال کیا ہے، ہم کشمیر کے مسئلے پر بھی

رپورٹ:۔ بولو بولو

دنیا کو پاکستان کے موقف کے ساتھ کھڑا کریں گے، ان خیالات کا اظہار وفاقی وزراء مفتی عبدالشکور اور مولانا اسعد محمود نے کیا۔ پیر کو قومی اسمبلی کا اجلاس اسپیکر راجہ پرویز اشرف کی صدارت میں ہوا، اجلاس کے دوران اظہار خیال کرتے ہوئے وفاقی وزیر برائے مذہبی امور مفتی عبدالشکور نے کہا کہ عمران خان کا لانگ مارچ مردہ لاش بن چکا ہے۔ اجلاس کے دوران اظہار خیال کرتے ہوئے وفاقی وزیر برائے مواصلات مولانا اسعد محمود نے کہا کہ ماضی کے حکومت میں پونے چار سال اس پارلیمان کے اندر جو کرتب اور تماشے دکھائے گئے، ہم تمام سیاسی لوگ جو اس پارلیمان کا حصہ بنتے ہیں تو اس ایوان کے تقدس کی باتیں کرتے ہیں قانون کی حکمرانی کی بات کرتے ہیں، گزشتہ پونے چار سال جس شخص کی حکومت تھی اس نے ملک کے اندر سیاسی عدم استحکام بھی پیدا کیا اور معاشی عدم استحکام بھی پیدا کیا، انہوں نے عمران خان پر حملے کے واقعے کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اس واقعے کی ایف آئی آر کی سب سے بڑی رکاوٹ وہ خود ہے، مولانا اسعد محمود نے کہا کہ ہم نے عرب ممالک کا اعتماد بھی پاکستان کے حوالے سے بحال کیا ہے، ہم کشمیر کے مسئلے پر بھی دنیا کو پاکستان کے موقف کے ساتھ کھڑا کریں گے، انہوں نے کہا کہ ہم نے اسی پارلیمان کے اندر حکومت بنائی جس پارلیمان کو وہ تبدیلی کا علمبردار کہتا ہے، ہم تمہاری ذمہ داریوں کا بوجھ اٹھا رہے ہیں جو حکومت اور معیشت تم سے نہیں سنبھالی جا رہی تھی ہم نے اپنے کندھے پیش کئے اور ہم نے اس معیشت کا بوجھ بھی اپنے کندھوں پر اٹھایا۔ اجلاس کے دوران اظہار خیال کرتے ہوئے پاکستان پیپلز پارٹی کی رکن اسمبلی نفیسہ شاہ نے کہا جو سابق ڈپٹی اسپیکر پنجاب اسمبلی دوست مزاری کے ساتھ انتقامی کارروائیاں ہو رہی ہیں ان کی مذمت کرتی ہوں، عمران کا لانگ مارچ سیاسی اجتماع ہے، لانگ مارچ خان صاحب کا حق ہے، لانگ مارچ کے مطالبات کیا ہیں، دونوں مطالبات کے جواب ہیں، دونوں کے جواب آئین میں لکھے گئے ہیں، نفیسہ شاہ نے کہا کہ اعظم سواتی کی پریس کانفرنس شاکنگ تھی ہم سب کو ذاتی طور پر دکھ ہوا ہے، ہماری پارلیمان اس کا نوٹس لے اور ایک پارلیمانی کمیٹی ضرور بنائیں، یہ ہم سب کے لئے تحفظ ہے، اس وقت ہمیں ایک اسٹینڈ لینا ہوگا، انہوں نے کہا کہ تین چار ماہ سے سندھ، بلوچستان سیلاب کی زد میں ہیں، خیر پور کی تمام تحصیلیں سیلاب کی زد میں ہیں، فروٹ تباہ ہوگیا، ہماری کاٹن کی فصل تباہ ہوگئی، پانی ابھی تک ہمارے ضلع میں موجود ہے، پانی وہاں سے نہیں نکلا ہے، توجہ ان علاقوں سے پانی نکالنے پر ہونی چاہئے

پاکستان پیپلز پارٹی کا منی لارکانہ

پاکستان پیپلز پارٹی کی تاریخ لازوال قربانیوں بے پناہ جدوجہد سے عبارت ہے' یہ وہ پارٹی ہے جس کی قیادت میں اپنی قیمتی جانوں کے نذرانے پیش کر کے تاریخ رقم کی اور آج بھی اس سمندر میں بے انتہا دریا مل کر اپنی قدر و قیمت بڑھاتے ہیں، پاکستان پیپلز پارٹی آزاد کشمیر کے جید رہنماؤں میں کئی ایک بڑے نام ہیں جن میں پیر علی جان مرحوم سے لے کر چوہدری لطیف اکبر اور موجودہ صدر چوہدری یاسین تک کی لازوال قربانیاں انتھک محنت اور تاریخ ساز اقدامات موجود ہیں' پاکستان پیپلز پارٹی آزاد کشمیر میں کئی ایک بڑے سیاسی خانوادوں نے شمولیت اختیار کی اور بڑا نام بھی کمایا مگر جن لوگوں نے پاکستان پیپلز پارٹی سے وفا کی وہ آسمان سیاست پر آج بھی جگمگا رہے ہیں اور قیامت تک ان کے نام اسی طرح چمکتے دکھائی دیتے ہیں' جن لوگوں نے پاکستان پیپلز پارٹی سے بے وفائی کرتے ہوئے کنارہ کشی اختیار کی وہ دنیا کے سامنے دربدر ہوتے ہر آنکھ نے دیکھے 'قارئین پاکستان پیپلز پارٹی آزاد کشمیر کی تاریخ پر باریک بینی سے نظر دھرائی جائے تو یہ بات واضح دکھائی دیتی ہے کہ دیگر سیاسی جماعتوں سمیت جس نے بھی پاکستان پیپلز پارٹی میں دل سے شمولیت اختیار کی پاکستان پیپلز پارٹی کی قیادت سمیت جیالوں نے اسے دل کھول کر خوش آمدید کہا اور بھرپور عزت افزائی دی' گزشتہ انتخابات کے بعد تحریک آزادی کشمیر کے اہم ترین حلقہ ایل اے 29 شہر مظفر آباد سے آزاد امیدوار سردار مختار خان اپنے گیارہ ہزار سے زائد ووٹرز، سپورٹرز کو لے کر پاکستان پیپلز پارٹی آزاد کشمیر میں شامل ہوئے تو چشم فلک نے جو منظر دیکھا جس میں جیالوں کے والہانہ نعروں اور منوں پھولوں کی پتیاں نچھاور کرتے ہاتھ کو ہالہ سے امبور اور امبور سے جلسہ گاہ تک روڈ کے دونوں اطراف لگے پینا فلیکس، بینرز، پیپلز پارٹی کے جھنڈے سب سے بڑھ کر پیپلز پارٹی کے نامزد کردہ امیدوار اسمبلی سردار مبارک حیدر سمیت ضلعی تنظیموں کے صدور و دیگر عہدیداران کے علاوہ مرکزی قائدین پارٹی سیکرٹری جنرل راجہ فیصل ممتاز راٹھور' میاں عبدالوحید ودیگر نے جس طرح سردار مختار خان اور ان کے ساتھیوں کو خوش آمدید کہا وہ پیپلز پارٹی ہی کا خاصہ ہے، پاکستان پیپلز پارٹی حلقہ تین میں سردار مختار خان کی شمولیت کے بعد جس طرح منظم و متحد دکھائی دی اور جس طرح نظریاتی کارکنان کی عزت نفس کو سہارا ملا وہ قابل ذکر ہے، سردار مختار خان کی کمٹمنٹ کو دیکھتے ہوئے مرکزی قیادت نے جب انہیں عہدے سے نوازا تو ایک بار پھر پیپلز پارٹی کی صفوں میں اطمینان کی لہر پیدا ہوئی' آزاد کشمیر میں تقریبا 32 سال بعد بلدیاتی انتخابات کا بگل بجا، تو سیاسی جمود میں حل چل مچ گئی ایسے سیاسی کارکنان جو سال ہا سال سے میدان سیاست میں نبرد آزما تھے انہیں اپنا مستقبل چمکتا دکھائی دینے لگا، سیاسی جماعتوں نے اپنے اپنے متحرک سینئر عہدیداران وکارکنان کو بلدیاتی انتخابات کی تیاری کیلئے احکامات جاری کیے باہمی مشاورتی اجلاس تقاریب، کارنر میٹنگز شروع کی گئیں اور پھر کمیٹیاں بنیں، حلقہ 3 میں جہاں دیگر اہم عہدیداران کو بلدیاتی انتخابات میں حصہ لینے والوں سے کاغذات جمع کرنے کا ٹاسک سونپا گیا انہیں میں سردار مختار خان کو بھی یہ ذمہ داری ملی کہ وہ بلدیاتی انتخابات میں حصہ لینے والوں سے کاغذات جمع کریں، قارئین کرام سید ظہیر حسین شاہ جو کہ قبیلہ سادات کے چشم وچراغ ہیں آپ 1982 میں پیدا ہوئے آپ کے دادا کا نام سید مولوی شاہ تھا اور آپ کے والد کا نام سید نور محمد شاہ ہے، آپ 4 بھائی ہیں جن میں آپ کا تیسرا نمبر ہے' سید ظہیر حسین شاہ نے ابتدائی تعلیم نلوچھی مسجد سکول سے حاصل کی، میٹرک گورنمنٹ بوائز ہائی سکول گوجرہ سے امتیازی نمبرات حاصل کرت ہوئے پاس ہونے کے بعد اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کیلئے ایبٹ آباد تشریف لے گئے، گریجویشن ایبٹ آباد سے مکمل کرنے کے بعد اپنے اسلاف کے نقشہ قدم پر چلتے ہوئے آپ شعبہ ٹھیکیداری سے منسلک ہوئے، سید ظہیر حسین

تحریر: لیاقت بشیر فاروقی

شاہ بچپن سے ہی گاؤں میں اپنی جداگانہ پہچان رکھتے تھے عوام علاقہ کی خوشیوں، دکھ سکھ میں ہمیشہ آگے بڑھ کر شرکت آپ کو دیگر نوجوانوں سے ممتاز بناتی ہے، عوام علاقہ نلوچھی سمیت شہر بھر میں آپ کو قدر و منزلت کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے' آپ کے دادا مولوی شاہ نلوچھی مسجد کے پہلے امام تھے اور پی ڈبلیو میں ملازمت بھی کرتے تھے، مولوی شاہ صاحب سے عوام علاقہ اپنے بچوں کو مذہبی تعلیم کے علاوہ کسی بھی وبائی امراض کا شکار ہونے پر دم ڈلواتے، آپ سے قرآن پاک پڑھنے والوں میں علاقے کے نامی گرامی مردوزن آج بھی موجود ہیں جن کی ایک کثیر تعداد مولوی شاہ اور ان کے خاندان کو عزت کی نگاہ سے دیکھتی ہے اور آپ کا شاگرد ہونے پر فخر محسوس کرتے ہیں، سید ظہیر حسین شاہ نے عملی سیاست کا آغاز میٹرک کے فورن بعد کردیا بعد ازاں آپ اس وقت کی ریاستی سواد اعظم جماعت آل جموں کشمیر مسلم کانفرنس میں شامل ہوئے، سید ظہیر حسین شاہ ایم ایس ایف میں بطور جنرل سیکرٹری بعد ازاں سٹی کے سیکرٹری جنرل اور پھر مسلسل دومرتبہ چیف آرگنائزر آل جموں وکشمیر مسلم کانفرنس سٹی منتخب ہوئے' سید ظہیر حسین شاہ ایک منجھے ہوئے سیاسی کارکن ہیں، آپ کی سیاسی تربیت میں شہر کی نامور شخصیت مرحوم سید تنویر الحسن گیلانی المعروف تتی پیر کا بہت بڑا ہاتھ ہے، جنہوں نے آپ کو سیاست کے داؤ پیچ سکھائے، سید تنویر الحسن گیلانی مرحوم کر شہر میں ایک خصوصی مقام حاصل تھا انہوں نے شہر میں جس طرح شہریوں کی خدمت کی وہ تاریخ کا ایک درخشاں باب ہے جس سے لوگ بخوبی آگاہ ہیں، سید ظہیر حسین شاہ کو سابق وزراء اعظم مجاہد اول سردار محمد عبدالقیوم خان، سردار عتیق احمد خان سمیت آزاد کشمیر کی مقتدر شخصیات کی ہمنوائی بھی میسر رہی، جس سے آپ کو سیکھنے کا موقع ملا آپ نے ہمیشہ سیاست کو عبادت سمجھ کر سر انجام دیا، اپنے والدین کہ طرح آپ نے اپنے علاقے کے عوام کو اور علاقے کی تعمیر و ترقی کو مقدم جانا، آپ کو مرد و زن سمیت یوتھ اور بچوں میں ایک خاص مقام حاصل ہے، گاؤں بھر کا بھرپور اعتماد آپ کو دوسروں سے ممتاز بناتا ہے، سید ظہیر حسین شاہ کو مادری زبان کے علاوہ اردو، پشتو، انگلش، پر عبور حاصل ہے سید ظہیر حسین شاہ پٹھانوں میں ہوں تو روانی سے پشتو بولتے ہیں جبکہ اردو اور انگلش ایسے بولتے ہیں کہ جیسے لوگ علاقائی زبان، سید ظہیر حسین شاہ نے شعبہ ٹھیکیداری میں بھی اپنا لوہا منوایا آپ گورنمنٹ کنٹریکٹر بھی ہیں اور ریاست کے کئی اہم ترقیاتی منصوبہ جات، عمارات، دیہی راستے تعمیر کیے آپ شعبہ ٹرانسپورٹ سے بھی وابستہ ہیں آج بھی درجنوں ہنرمند، مزدور آپ کے ساتھ منسلک ہیں اور اپنے خاندانوں کا باوقار انداز میں پیٹ پال رہے ہیں، سید ظہیر حسین شاہ نے پاکستان پیپلز پارٹی میں سردار مختار خان کے ہمراہ 2021 میں شمولیت اختیار کی کسی بھی جماعت میں حادثاتی طور پر شمولیت اختیار کرنے والوں کا مقام ہمیشہ سے ہی متنازعہ ہوتا ہے، مگر جس مدبرانہ انداز میں آپ نے پاکستان پیپلز پارٹی کی صفوں میں تیزی سے اپنا مقام اور وقار بلند کیا وہ آپ کی سیاسی تربیت کی عکاسی کرتا ہے، شہر بھر سمیت ڈویژن مظفر آباد میں اور آزاد کشمیر بھر کے جیالوں نے آپ کو خوش آمدید کہا اور آپ پر یقین واعتماد کا اظہار کیا اور آپ کو مبارک باد پیش کی یہی وجہ ہے کہ جب بلدیاتی انتخابات کیلئے درخواستیں طلب کی گئی تو وارڈ نمبر 36 نلوچھی کے عوام اور دیرینہ جیالوں سمیت نظریاتی کارکنوں نے بھی آپ کو مجبور کیا کہ آپ وارڈ نلوچھی کی نمائندگی کریں، یہ سب کچھ دیکھتے ہوئے آپ نے لوکل کونسلر کیلئے درخواست جمع کروائی سید ظہیر حسین شاہ نے گزشتہ انتخابات میں آزاد امیدوار مختار خان کے ساتھ چیف سپورٹر کی حیثیت سے کام کیا اور انہیں شاندار فتح کے ہمکنار کروانے میں کلیدی کردار ادا کیا سردار مختار خان نے 11 ہزار 523 ووٹ حاصل کرتے ہوئے اپنی سیاسی دھاک بٹھائی، کامیابی کے بعد جب سردار مختار خان نے اپنے دوستوں سے باہمی مشاورت کے بعد پاکستان پیپلز پارٹی میں شمولیت کا فیصلہ کیا تو سید ظہیر حسین شاہ اپنے خاندان سمیت پیپلز پارٹی میں شامل ہوگئے۔

آپ کی شمولیت سے علاقہ میں پیپلز پارٹی مضبوطی کی بلندیوں تک پہنچ گئی، اور یوسی گوجرہ سمیت تقریبا ہر وارڈ میں پیپلز پارٹی کے نظریاتی کارکنان میں بھی خوشی کی لہر دوڑ گئی، سید ظہیر حسین شاہ کا کہنا ہے کہ پیپلز پارٹی کا منشور روٹی کپڑا اور مکان علاقائی تعمیر و ترقی پسے ہوئے طبقات کی ترجمانی اور ان کے حقوق کی پاسداری، مافیاز کا قلع قمع، متروکہ اراضیات کی حفاظت قانون کی پاسداری، صحت تعلیم اور انسانی زندگی کی بنیادی سہولیات ہر گھر تک پہنچانا خواب ہے، سید ظہیر حسین شاہ کا کہنا ہے کہ میرا ماضی حال کھلی کتاب کی طرح ہے اگر عوام علاقہ نے اعتماد کا اظہار کی جیسا کہ وہ ہمیشہ سے کرتے آئے ہیں تو نلوچھی کے دیرینہ مسائل کو جڑ سے اکھاڑ پھینکیں گے۔

عمران خان حملہ، الیکشن مارچ میں طے

قارئین! میرے اس عنوان پر آپ کشمکش میں مبتلا ہو رہے ہونگے لیکن یہ بڑی سامنے کی بات ہے کہ اب حکومت کے پاس کوئی دوسرا آپشن ہی باقی نہیں بچا ہے۔ رہ گئی بات طے ہوجانے کے تذکرہ کی، تو جناب دنیا میں سارے معاملات ہمیشہ مذاکرات کی میز پر بیٹھ کر طے نہیں ہوا کرتے۔ بلکہ کچھ خاموش معاہدے بھی ہوا کرتے ہیں۔ جن پر کبھی بات اور بحث نہیں ہوتی۔ صرف عمل کیا جاتا ہے اور کبھی ان معاہدات کی خلاف ورزی نہیں ہوتی ہے کیونکہ اک ذرا سی غلطی دوسرے فریق کو اشتعال دلانے اور سارے ہی راز طشت از بام کرنے کیلئے کافی ہوتی ہے۔ ان ہی زمینی حقائق کو سامنے رکھتے ہوئے میں نے جو حساب کتاب کیا ہے (یہ ستاروں کا علم نہیں ہے) اس کے مطابق اب نہ عمران خان کے پاس وزیرآباد قاتلانہ حملے کے بعد زبان بندی کا کوئی جواز باقی رہ گیا ہے اور نہ ہی ذمہ داران اور حکومت کے پاس مزید تاخیر کی کوئی وجہ باقی رہ گئی ہے۔ اب تو آر یا پار، کسی بھی تاخیری حربے کی صورت میں ملک انتشار کا شکار ہو سکتا ہے۔ پھر نہ بانس رہے گا اور نہ بانسری بجے گی۔ پاکستان ایک ایسا ملک ہے جہاں 75 سالوں سے عوام کا غیر آئینی کے علاوہ آئینی استحصال بھی جاری ہے۔ اور اب کم از کم روایتی استحصال کے سارے پرانے راستے بند کرنے پڑیں گے۔ اور استحصالی طبقات نے اگر ہتھیار نہ بھی ڈالے تو انہیں کوئی اور راستے تلاش کر کے کوئی نئے روپ دھارنے ہونگے۔ کہ اب عوام کسی کو بھی استحصال کی اجازت اور آئینی ہیرا پھیری کرنے یا عدالتی ڈکٹیٹر شپ یا اس طرح کے کسی بھی ظلم کو ہرگز برداشت نہیں کرے گی ادھر عالمی طاقتیں بھی ایک عرصہ سے پاکستان کی مملکت کو عدم استحکام کا شکار کرنے کیلئے مختلف حربوں اور سازشوں میں مصروف ہیں۔ باقی اسلامی ممالک میں اب تک جو خانہ جنگی اور انتشار برپا ہو چکا ہے وہ دراصل ایک ریہرسل ہے ایٹمی پاکستان کو غیر مستحکم کرنے کی عالمی سازشوں کا ایک حصہ ہے، اصل ہدف پاکستان ہے اور اب پاکستان کو اس موڑ پر پہنچا دیا گیا ہے۔ جہاں ایک چھوٹی سی غلطی بارود کو آگ دکھا سکتی ہے۔ پاکستان کو اس مشکل وقت سے ثابت وسالم

تحریر: اشتیاق احمد آتش

نکالنا نہ صرف ساری سیاسی جماعتوں بلکہ اسٹیبلشمنٹ اور سول سوسائٹی کی بھی ذمہ داری ہے۔ عمران خان کے بچاؤ سے قدرت نے تمام ہی ذمہ داران کو ایک موقع اور دیا ہے اس موقع کو گنوانے کا مطلب مملکت پاکستان سے دشمنی، بے وفائی اور غداری ہو گی۔ سب سے پہلے تو سب کو سر جوڑ کر عوام کو سڑکوں سے واپس گھروں کو بھیجنا ہوگا۔ اب کوئی بھی اجتماع ہو تو وہ صرف سادہ الیکشن کمپین کا اجتماع ہونا چاہئے۔ کسی بھی قسم کا عوامی احتجاج اس وقت ملک کے مفاد میں نہ ہوگا۔ اور اس احتجاج کو روکنے کی ساری ذمہ داری اداروں اور حکومت وقت پر عائد ہوتی ہے، عمران خان اب اتنا آگے بڑھ چکے ہیں کہ وہ اگر یہ سب روکنا چاہیں تب بھی نہیں روک سکتے اور الیکشن کے مارچ تک انعقاد کے علاوہ یہ سب رُکنے کا ہے بھی نہیں۔ یوں بھی پورا ملک کرپشن میں اس قدر آگے بڑھ چکا ہے کہ سرکاری اہلکار ایک لاکھ کے کام کے ڈھائی تین لاکھ وصول کر کے عیاشی کر رہے ہیں۔ رشوت، کرپشن، فراڈ اپنے عروج پر ہے بدامنی کا یہ حال ہے کہ گلی گلی میں لٹیرے عوام کو سرعام لوٹ رہے ہیں اور انہیں پولیس اور دیگر انتظامیہ کی مکمل آشیر باد حاصل ہے۔ بلکہ اکثر تو خود پولیس اور انتظامیہ کے لوگ ہی عملی ڈاکے ڈال رہے ہوتے ہیں۔ کراچی پولیس کی اسلام آباد طلبی کے بعد کراچی میں ہونے والے جرائم میں نسبتاً کمی آئی ہے۔ اس سے آپ اندازہ لگا سکتے ہیں کہ سٹریٹ کرائمز میں کون ملوث ہے اور کون سرپرستی کر رہا ہے۔ پاکستان بھر کی حکومتیں اس وقت ناکام ناکام سی نظر آ رہی ہیں۔ کہیں کرپشن، رشوت اور لوٹ مار ہے۔ کہیں یہی سب سٹریٹ کرائمز اور ڈاکوؤں کی صورت ہے اور کہیں یہ دہشت گردی کی آڑ میں جاری ہے۔ اس ساری خرابی کو کنٹرول کرنا صرف ایک چیلنج ہے۔ سب سے بڑا چیلنج اس وقت اقتصادی بحران اور معاشی ابتری ہے۔ فارن ریمٹنسز اور خزانے کی ابتر حالت ہے اور ان ساری بنیادوں پر عالمی اداروں اور ملکوں کی بے اعتمادی ہے۔ ان سب کا ابتدائی علاج صرف اور صرف عام انتخابات کے بعد فریش منڈیٹ اور مناسب اکثریت لے کر آنی والی حکومت ہے۔ ان چار دن کے بادشاہوں اور مافیاز اور اجارہ داروں میں گھرے ملک اور حکومتوں پر کوئی اعتبار کرنے اور معاشی و اقتصادی معاملات آگے بڑھانے کیلئے تیار نہیں ہے۔ ایسے میں ہر وہ شخص جو فوری عام انتخابات کی مخالفت کرتا ہے وہ دراصل پاکستان دشمنی کر رہا ہے۔ اب چاہے وہ حکومت کے اندر ہو، اتحادی ہو، یا کسی بھی قسم کی کوئی تیسری قوت ہو۔ عمران خان پر قاتلانہ حملہ کروانے والے اس وقت نہ حکومت کے لوگ ہو سکتے ہیں نہ کسی قسم کی اسٹیبلشمنٹ اس میں ملوث ہو سکتی ہے۔ کیونکہ یہ اقدام ان سب کے نقصان میں ہے۔ عمران خان خود موت سے گلے لگ کر لوٹے ہیں۔ یہ یقینی طو پر کسی بیرونی قوت کا کیا دھرا ہے۔ لیکن اب اس کا الزام صرف اور صرف ذمہ داروں پر آ رہا ہے۔ یہ واقع پاکستان میں ساری سیکیورٹی ایجنسیز کی ناک کے نیچے ہوا ہے اب اس کو پنجاب یا وفاق کی بے سروپا کشمکش میں نہیں الجھایا جا سکتا۔ اور جو اس طرح کی باتیں کر رہے ہیں وہ یا تو نادان اور جاہل ہیں یا پھر پاکستان کے دشمن ہیں۔ اس ایک حملے سے پاکستان کا اعتبار اور ساکھ دنیا بھر میں متاثر ہوئی ہے۔ اب تو کچھ نیم دوست ممالک بھی آپ سے ہاتھ ملانے اور آپ کو ہاتھ ہلانے سے گھبرائیں گے۔ آپ کی کرکٹ، سپورٹس اور دیگر غیر ملکیوں کے دورے متاثر ہونگے۔ ایسے میں اب وقت آگیا ہے کہ اسٹیبلشمنٹ بھی نیوٹرل رہنے کے بجائے پاکستان کے ساتھ کھڑی ہو۔ اور اپنا روایتی اثر ورسوخ استعمال کر کے ملک میں فوری امن اور اعتماد بحال کرنے میں اپنا کردار ادا کرے۔ اور اس کا واحد آئینی، قانونی اور اخلاقی راستہ فوری طور پر عام انتخابات کا انعقاد ہے اب ذرا سی تاخیر بھی پاکستان کو مزید اندھیاروں مین دھکیل سکتی ہے، خاص طور پر وزیراعظم شہباز شریف کے بیرونی حالیہ دوروں کے بعد یہ واضح ہوگیا ہے کہ کوئی بھی ملک کسی مہمان حکومت پر اعتماد کرنے کو تیار نہیں ہے۔ اس صورت حال میں اگلے چار ماہ پاکستان کو دیوالیہ پن تک کی کھائی تک پہنچانے کیلئے کافی ہیں اب ضروری ہے کہ اس سے قبل کہ پانی سر سے گذر جائے کہیں نہ کہیں کوئی بند باندھ دیا جائے۔ عمران خان کے صحت یاب ہو کر واپس کنٹینر پر سوار ہونے میں چند دن یا ہفتہ بھر سے زیادہ نہیں لگے گا۔ اور اب جب زخمی شیر دھاڑے گا تو صورت حال مزید سنگین ہوجائے گی۔ جو کچھ قومی باتیں اور راز باقی بچ گئے ہیں۔ خدا کیلئے انہیں بچا کر رکھیں۔ ویسے جس طرح کے راز آج تک سامنے آئے ہیں۔ وہ تو افراد اور اداروں کی کوتاہیاں ہیں۔ انہیں قومی راز کہنا بھی قوم کی توہین کے مترادف ہوگا۔ بحر حال حالات بتا رہے ہیں کہ عمران خان کے کنٹینر پر سوار ہونے سے پہلے پہلے مارچ میں الیکشن کا اعلان ہو جائے گا۔ اگر اب بھی کسی نے ڈنڈی مارنے کی کوشش کی تو پاکستان کا خدا ہی حافظ ہے۔

عمران خان پر حملہ شاطرانہ چال یا حقیقت

عمران خان پر فائرنگ کا ڈرامہ محض فیس سیونگ اور ناکام مارچ سے راہ فرار کے لئے رچایا گیا۔ اس واقعہ نے کئی سوالات کو جنم دیا ہے مجھے نہیں لگتا کہ عمران خان خود یا کوئی بھی پی ٹی آئی رہنما بہت اٹھنے والے سوالات کے تسلی بخش جوابات دے پائے گا۔ ہرگز نہیں، عمران خان کو کنٹینر پر کھڑے بیس فٹ نیچے سے چلائی گئی گولی نیچے ٹانگ میں کیسے لگ سکتی ہے کیا وہ سر کے بل کھڑے تھے؟ اس سے بھی دلچسپ یہ ہے کہ صرف ایک گولی کا سوراخ بتایا اور دکھایا گیا مگر زخمی کئی ہوگئے اور خون بھی دور تک لگا مگر کیسے؟ عمران خان کو گولی لگی تو اسے قریبی سرکاری ہسپتال میں ایمرجنسی میں کیوں نہیں پہنچایا گیا جہاں سرکاری رپورٹ بنتی۔ شوکت خانم سے تو آپ گولی کی بجائے بم بلاسٹ کی رپورٹ بھی خود ہی بنا سکتے ہیں؟ 9 گولیاں فائر ہوتی ہیں اور دو بندوں کو دو دو گولیاں لگتی ہیں تو 14 زخمی کیسے ہوجاتے ہیں، اگر ایک بھی گولی ضائع نہ جائے تو 7 متاثر ہوں گے، کیا کسی نے کوئی الگ سے بھی محتاط کارروائی ڈالی؟ ملزم موقعے سے پکڑا جاتا ہے اور اقرار جرم بھی کرلیتا ہے تو اسے کیوں نہیں مانا جاتا؟ تھانہ کیوں معطل ہوجاتا ہے؟ کیا وہ کچھ اور بیان چاہتے تھے؟ کیا فائرنگ کرتے شخص کو روکنے والے نوجوان کا اعتماد اور اطمینان نہیں بتا رہا کہ وہ پہلے سے اس کے لئے تیار تھا؟ اس کے چہرے پر کوئی کنفیوژن، حیرانی، پریشانی نہیں، کیوں؟ کیا ایسا نہیں کہ گولی کے ساتھ چھرے والی بندوق چلائی گئی تاکہ کچھ لوگ زخمی تو ہوں مگر معمولی جیسے عمران خان، فیصل جاوید؟ پی ٹی آئی سانحہ ماڈل ٹاؤن کی طرح اس فائرنگ کا بھی سیاسی استعمال کر رہی ہے، ٹارگٹ بھی وہی ہے، اس مماثلت کو نظر انداز کیا جانا چاہیے؟ کیا پی ٹی آئی نے مشیر داخلہ سے پوچھا کہ سیکورٹی کا فول پروف انتظام کیوں نہیں تھا؟ وزیراعلی پنجاب پرویز الٰہی اس لانگ مارچ سے دور کیوں ہیں؟ عمران خان اسلحے، دشمنیوں اور لاقانونیت سے بھرے شیخوپورہ سے جہلم تک کے علاقے میں خون خرابے کے باوجود لانگ مارچ کیوں جاری رکھنا چاہتے تھے؟ اس فائرنگ کا فائدہ کس کو ہوا، جسے ہوا کیا اسے شامل تفتیش کیا جائے گا؟ ایک غریب دکھائی دینے والے شخص کے پاس نائن ایم ایم کی آٹومیٹک رائفل کہاں سے آئی؟

کالم نگار: محمد شہزاد بھٹی

کیا نواز لیگ اس واقعے کا سیاسی جواب دے سکے گی یا سانحہ ماڈل ٹاؤن کی طرح سارا ملبہ اپنے اوپر ڈلوالے گی؟ اعجاز چوہدری اور احمد چٹھہ کو پہلے سے پلان کا پتہ تھا تو عمر سرفراز چیمہ اور پولیس حکام نے حفاظتی اقدامات کیوں نہیں کئے؟ انہیں کس نے بتایا؟ عمران خان کا وزیراعظم اور وزیر داخلہ کے ساتھ ایک سینئر فوجی افسر کو نامزد کرنا، بھارت میں ان کی ہیڈ لائنز چلنا کیا محض اتفاق ہے، کیا یہ سب ایک سازش کا حصہ نہیں؟ کور کمانڈر پشاور کے گھر پر حملہ، صوبائی حکومت کیوں خاموش رہی؟ فوج پر الزام تراشی، یہ ہر مرتبہ منظم کیوں ہوتی ہے؟ ایک ہی ڈائریکشن میں سب بات کرتے ہیں، کیا کوئی گائیڈ لائن ہوتی ہے؟ ملزم کے بیان پر ایس ایچ او کے خلاف کارروائی ظاہر کرتی ہے کہ کیا کوئی پلاننگ واقعی ناکام ہوگئی ہے؟ کیا یہ حملہ ایک ناکام اور فلاپ لانگ مارچ کو کامیاب بنانے کی شاطرانہ چال نہیں جو عوام اور میڈیا کی توجہ کھو رہا تھا؟ یاد رکھیں، مارنے والے ٹانگ پر نشانیاں نہیں چھوڑتے تاریخ بتاتی ہے کہ جو مارنے آتا ہے بس مار جاتا ہے جس کی مثال لیاقت علی خان سے خواجہ محمد رفیق، بنظیر بھٹو، میر مرتضی بھٹو، بشیر احمد بلور تک ہے۔ تحقیقاتی اداروں کو وسیع پیمانے پر اس واقعے کی تحقیقات کروانی ہونگی تاکہ دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی ہوسکے۔

غوث پاکؒ کا خطاب

تاریخ انسانی کے سب سے بڑے ولی اللہ کا بارعب خطاب جاری تھا آپ کی پرجلال آواز گونج رہی تھی اہل بغداد کا ہزاروں کا مجمع تصویر حیرت سے ساکت آپ کا خطاب سن رہے تھے کہ اچانک آسمان پر کالے بادل چھا گئے اور پھر طوفانی موسلا دھار بارش برسنے لگی بزرگ نے آسمان کی طرف دیکھا اور نہایت دردناک لہجے میں خدا کو عرض کی اے مالک بے نیاز میں تو صرف تیری مخلوق کو اکٹھا [illegible]

اور بہت نیک بزرگ شیخ علی بن ابی نصر بھی موجود تھے جو آپ کے بلکل سامنے بیٹھے تھے کیونکہ ابھی تقریر کا آغاز نہیں ہوا تھا اس لیے اچانک شیخ علی پر غنودگی طاری ہوئی اور آپ کو نیند آ گئی بزرگ تقریر کے لیے منبر پر جلوہ افروز ہوئے تقریر شروع کرنا چاہی ایک نظر ہزاروں لوگوں کو دیکھا پھر بزرگ کی نظر ایک طرف ٹھہر گئی آپ شیخ علی کو دیکھ رہے تھے پھر اچانک بزرگ بولے خاموش ہو جا خاموش ہو جا [illegible]

تحریر: پروفیسر محمد عبداللہ بھٹی

[illegible] سے فرمایا علی آپ بیٹھ جائیں لیکن شیخ علی نے عقیدت واحترام سے لبریز لہجے میں کہا یا شیخ آپ کھڑے ہوں تو میں کیسے بیٹھ سکتا ہوں میں عاجز مسکین یہ گستاخی کیسے کرسکتا ہوں۔ لیکن بزرگ نے کندھے پر ہاتھ رکھا اور کہا بیٹھ جا علی جب میں کہہ رہا ہوں کہ بیٹھ جا تو عقیدت کا تقاضہ یہی ہے کہ بیٹھ جا اب شیخ علی نہ چاہتے ہوئے بھی حکم شیخ پر بیٹھ گئے تو بزرگ مشفقانہ تبسم سے بولے اے علی کیا ابھی تمہارے خواب میں سرتاج الانبیا سرور کائنات ﷺ [illegible]

دور کے ایک اور بڑے بزرگ شیخ ابوالحسن انصاری شیخ عبدالقادر جیلانی کے وجدان اور حالت کشف کا واقعہ اسطرح بیان کرتے ہیں کہ میں آپ کا وعظ سننے کے لیے بغداد پہنچا میرے پہنچنے سے پہلے ہی میدان حاضرین سے بھر چکا تھا لہذا مجھے آخری صفوں میں جگہ ملی حضرت شیخ کا زہد پر وعظ جاری تھا میں نے دل میں سوچا کاش آپ معرفت پر ارشاد فرمائیں تو آپ نے معرفت پر مدلل اور پرتاثیر فکر انگیز تقریر فرمادی جو اس سے پہلے میں نے کبھی نہ سنی تھی پھر میرے دل میں خیال آیا کاش حضرت آج [illegible]

اسلامیہ جمہوریہ پاکستان اور ڈاکٹر علامہ اقبالؒ

اقوام کی جدوجہد اور قربانیاں جب رنگ دکھاتی ہیں تو دنیا کا جغرافیہ بدل جاتا ہے، اس حقیقت کو کبھی نہیں جھٹلایا جاسکتا کہ قوموں کی سوئی خودی کو جگانے والے بھی علامہ اقبال جیسے شاعر ہی ہوا کرتے ہیں، ڈاکٹر سر علامہ محمد اقبال بیسویں صدی کے ایک معروف شاعر، مصنف، قانون دان، سیاستدان، مسلم صوفی اور تحریک پاکستان کی اہم ترین شخصیات میں سے ایک تھے آپ 9 نومبر 1877ء کو سیالکوٹ میں پیدا ہوئے۔ آپ کا مشہور شاعری مجموعہ اردو اور فارسی زبان میں شائع ہوا۔ شاعری میں آپکا بنیادی رجحان تصوف اور احیائے امت اسلام کی طرف تھا۔ علامہ اقبال کو دور جدید کا صوفی سمجھا جاتا ہے۔ آپ نے پاکستان کا تصور ایسے حالات میں پیش کیا جب الگ ریاست کا مطالبہ محض ایک مزاح تھا آپ کی دور اندیشی اور شاعری نے مسلمانوں میں ایک آزاد مملکت حاصل کرنے کا عزم پیدا کیا۔ بزرگ کہتے ہیں یہ داستان اس وقت سے شروع ہوگئی تھی جب برصغیر کے اندر پہلا [illegible]

انگریزوں نے جو مسلمانوں پر ظلم وستم کیا وہ ویسا ہے جو تاریخ انسانی میں ظالم آقا مظلوم غلاموں پر کرتے آئے ہیں سزائیں، قید و بند، توپوں کے سامنے کھڑا کر کے زندہ اڑا دینا، پھانسیاں، کالا پانی کی سزائیں، جائیدادوں سے بے دخلی اور برصغیر میں مسلم تہذیب کا خاتمہ وغیرہ۔ اسی ظلم وستم کی چکی کو چلتے محسوس کرتے ہوئے سرسید احمد خان نے "اسباب بغاوت ہند" کتاب تحریر کی تھی تاکہ مسلمانوں پر انگریز کے ظلم وستم کچھ کم کیے جا سکیں۔ ایک وقت مسلمانوں اور ہندوؤں نے مل کر آزادی کی جدو جہد شروع کی جو کافی

تحریر: رخسانہ اسد

سالوں تک جاری رہی اس سے انگریزوں پر آزادی کے لیے دباؤ پڑتا رہا اس دوران ہندوؤں کے دماغ میں عددی اکثریت کا بھوت سوار ہوگیا جو مختلف موقعوں پر ظاہر ہوتا رہا برصغیر کے عوام کے درمیان رابطے کی زبان اردو تھی جس میں تحریک آزادی ہندوستان [illegible]

تھے اسی سلسلے کی کڑی کچھ دنوں قبل ہندوستان کے سابق وزیر خارجہ نے اپنے کتاب میں قائد اعظم کی سچائی اور جرات اور جنگ آزادی میں اختیار کردہ نکتہ نظر کو بہادری سے پیش کیا اور کانگریس کی پالیسی پر تنقید کی اس حقیقت کو بیان کرنے پر ہندوستان کے معاشرے میں تنقید اور ناپسندیدہ شخص کے کے طعنے برداشت کرنے پڑے اور اس کی پارٹی نے اسے اسی پاداش میں پارٹی سے نکال دیا۔ کانگریس کے مقابلے میں ۱۹۰۶ء میں بنگال میں ایک سیاسی پارٹی مسلم لیگ جو پاکستان کی بانی پارٹی ہے کی بنیاد رکھی گئی مسلم لیگ کے پلیٹ فارم سے مسلمانوں کے لیے علیحدہ وطن کی کوششوں پر ہندوؤں نے مخالفت کے پہاڑ کھڑے کردیے مسلمان دو حصوں میں بٹ گئے ایک حصہ کانگریس کے ساتھ تھا جو کانگریسی علما کہلائے اور ایک بہت بڑا حصہ قائدؒ کے ساتھ تھا جس نے مولانا شبیر احمد عثمانیؒ کی کمانڈ میں تحریک آزادی پاکستان میں اپنا تاریخی کردار ادا کیا اور پاکستان کی کشتی کو منجدار سے نکالنے میں قائد اعظمؒ کی مدد کی۔ علامہ اقبال نے قائد اعظم کے نام اپنے خطوط میں مسلمان قوم کے سیاسی مسائل حل کرنے کے ساتھ ساتھ مسلمانوں کی [illegible]

کی بحث چھیڑ دی کہ ہندوستانی ایک قوم ہیں اور قومیں اوتار یعنی وطن سے بنتی ہیں اس نعرے میں حقیقتاً کشش بھی تھی کیونکہ دنیا میں یہی چلن چل رہا تھا اور اب بھی چل رہا ہے کہ جس ملک میں جو بھی رہتا ہے وہ اس ملک کی قوم ہے اس لیے ہندوستان کے سارے لوگ ایک قوم ہیں مسلم لیگ اس کی توڑ صحیح طریقے نہیں کر پا رہی تھی کہ اس قصے میں آپ نے مولانا مودودیؒ کو کھڑا کر دیا مولاناؒ نے اپنی تحریروں میں اس مسئلہ قومیت کو مسلم اور غیر مسلم قومیت کا موازنہ کر کے خوب اچھالا جو کتابی شکل میں اب بھی موجود ہے۔ قائد اعظمؒ کی ولولہ انگیز قیادت اور تدبیر کے سامنے پاکستان دشمنوں کی ایک بھی نہ چلی اور دنیا کے نقشے پر اسلامی جمہوریہ پاکستان وجود پذیر ہوگیا۔

اس میں علامہ اقبالؒ نے قائد اعظمؒ کی بھرپور مدد کی علامہ اقبالؒ بھی شروع میں برصغیر کی آزادی کے لیے ہندو مسلم مشترکہ جدو جہد کے قائل تھے اور اپنی نظموں میں اس کا اظہار بھی کیا کرتے تھے مگر قائدؒ کی طرح علامہ اقبالؒ نے بھی ہندوؤں کی سازش کو بھانپ لیا تھا علامہ اقبال نے اپنی سوچ اور شاعری سے تحریک آزادی پاکستان کو وہ جلا بخشی کہ جس کی [illegible]

Email- info@awamilalkaar.com
MEMBER WUOJ عوام کی بے ساختہ للکار ABC Certified
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

خواتین

بدلتا موسم بدلتے انداز

کھلتے ہوئے رنگ جہاں موسم گرم میں دیکھنے میں خوبصورت اور نمایاں نظر آتے ہیں وہیں آنکھوں کی ٹھنڈک کا باعث بھی بنتے ہیں، موسم گرم کے دوران سفید ملبوسات کے ساتھ دیگر مختلف اور ہلکے رنگوں کے امتزاج سے تیار کردہ ملبوسات کی مانگ بڑھنے لگی

شازیہ کنول

فیشن اور لڑکیوں کا ساتھ لازم وملزوم ہے کہتے ہیں کوئی فیشن اس وقت تک کامیاب نہیں ہوسکتا جب تک اس میں خواتین یا لڑکیوں کی پسند شامل نہ ہو۔ یہی وجہ ہے کہ وہی فیشن فروغ پاتا ہے جس میں خواتین کی پسند کا عمل دخل ہو۔

کپڑوں کے نت نئے جدید انداز کو جلا بخشنے اور فیشن انڈسٹری کی ترقی میں بھی خواتین کا بہت بڑا ہاتھ ہے یہی وجہ ہے کہ آئے سال کپڑوں، جوتوں، پرس، جرسیوں، شالوں، غرض بے شمار اشیائے ضرور یہ کہ انداز میں تبدیلی صرف اسی لئے لائی جاتی ہے کیونکہ لوگ یکسانیت سے اکتا جاتے ہیں قمیض کبھی لمبی، کبھی اونچی، کبھی گھیر دار فراک، لمبے کرتے ، کبھی ٹراؤزر، جینز یا شلوار اور چوڑی دار پاجامے ان سب کو فیشن کا نام دیا جاتا ہے آج کل کی نوجوان لڑکیاں اور خواتین لباس کے معاملے میں بڑی حساس اور باشعور ہیں وہ اسی چیز کو اپناتی ہیں جس کے متعلق انہیں اندازہ ہو کہ ان کی شخصیت کیلئے موزوں ہے یا نہیں۔ کیونکہ لباس شخصیت کا آئینہ اور عکاس ہے۔ سال 2016ء کے آغاز میں سادہ کپڑوں کے امتزاج، ہلکی، پھلکی کڑھائی اور کف وغیرہ سے آراستہ قمیض، چوڑی دار پاجامے کے ساتھ ان ہیں خوبصورت ڈیزائن سے آراستہ یہ ملبوسات خواتین کی اولین پسند ہے کیونکہ ان ملبوسات میں تھوڑی سی ترمیم کے بعد آپ لباس کو چار چاند لگا سکتی ہیں ان ملبوسات کی خوبصورتی یہ ہے کہ آپ انہیں گھر پر بھی تیار کرسکتی ہیں۔ یہ ملبوسات شام کی پارٹی، شادی بیاہ و دیگر تقریبات میں بھی زیب تن کیے جاسکتے ہیں۔ ان ملبوسات کی تیاری میں آپ کو جدید اور بھڑکیلے رنگ بھی نظر آئیں گے۔ ان کے بارے میں کہا جارہا ہے کہ یہ ملبوسات 2018ء میں فیشن کی دنیا میں ہلچل مچادیں گے کیونکہ خواتین اور نوجوان لڑکیوں کی کثیر تعداد ان کیلئے اپنی پسندیدگی کا اظہار کرچکی ہے یہی وجہ ہے کہ لڑکیاں جدید اور منفرد انداز سے تیار ملبوسات پہن کر اپنی شخصیت میں نکھار پیدا کرسکتی ہیں۔ دوسری طرف یہ بھی دیکھنے میں آ رہا ہے کہ موسم گرما کے شروع ہوتے ہی بازار میں خواتین لان، کاٹن اور چکن کے ملبوسات کی خریداری میں مصروف ہو جاتی ہیں ٹھنڈک کا احساس پیدا کرنے کیلئے نسبتاً ہلکے رنگوں کی مانگ میں اضافہ ہوگیا ہے کھلتے ہوئے رنگ جہاں موسم گرم میں دیکھنے میں خوبصورت اور نمایاں نظر آتے ہیں وہیں آنکھوں کی ٹھنڈک کا باعث بھی بنتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ موسم گرم کے دوران سفید ملبوسات کے ساتھ دیگر مختلف اور ہلکے رنگوں کے امتزاج سے تیار کردہ ملبوسات کی مانگ بڑھ جاتی ہے۔ رواں برس بھی مارکیٹوں میں مکمل سفید اور دیگر شوخ رنگ کے ملبوسات مختلف ہاتھ اور مشینی کڑھائیوں سے بجی ہوئی قمیض شلواروں کی بھرمار مارکیٹ میں دستیاب ہے یہی نہیں بلکہ سفید جوڑوں پر کہیں کہیں خالصتاً سفید کڑھائی بھی دکھائی دیتی ہے۔ بعض اوقات سفید شلوار کے ساتھ رنگ دار قمیض یا رنگ دار شلوار کے ساتھ سفید قمیض سفید قمیض پر رنگ دار دھاگے کا کام بھی مختلف انداز میں کیا گیا ہے۔ جو طبیعت پر خوشگوار اثرات مرتب کرتا ہے۔ اس طرح جہاں شوخ رنگوں کے استعمال سے خواتین اپنا شوق پورا کرتی ہیں وہیں سفید رنگ کا امتزاج موسم گرما کے دوران سرخ، میرون اور کالے رنگ کی شدت کو بھی کم کرکے موسم گرما کی مناسبت سے ٹھنڈک کا باعث بن جاتا ہے ان دنوں مارکیٹ میں دستیاب لان، چکن، اور کاٹن کے ملبوسات جہاں پرنٹڈ کپڑوں کی خوبصورت ڈیزائننگ پر مشتمل ہیں وہیں چکن یا مشینی، کڑھائی کے مختلف ڈیزائنوں سے آراستہ کرکے خواتین کی پسند کا مرکز بنانے کا سامان کردیا جاتا ہے۔ یہی نہیں بلکہ گزشتہ کچھ عرصے سے بازاروں میں موتی اور بالخصوص ستاروں کے کام کی بھرمار نظر آتی ہے۔ موسم گرما میں بھی ستاروں کی یلغار سے محفوظ نہیں ہیں یہی وجہ ہے کہ ان کپڑوں پر بھی ستاروں کا دلکش کام اپنی بہار دکھاتا ہے۔ اسی طرح یہ انتہائی سادہ مگر باوقار رنگ ستاروں کے کام سے آراستہ کیے جانے کے بعد اور بھی شوخی اور جدت سے بھرپور نظر آنے لگتا ہے ان سب رجحانات سے ہٹ کر موسم گرم کے دوران کپڑوں پر ہلکا پھلکا ایپلک کا کام بھی کیا جاتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ بازاروں میں اس طرح کے ڈیزائن کی بھرمار دکھائی دیتی ہے اور خواتین اپنی پسند کے کپڑوں کی خریداری میں مصروف نظر آتی ہیں۔

> سال کے آغاز میں سادہ کپڑوں کے امتزاج، ہلکی، پھلکی کڑھائی اور کف وغیرہ سے آراستہ قمیض، چوڑی دار پاجامے کے ساتھ ان ہیں خوبصورت ڈیزائن سے آراستہ یہ ملبوسات خواتین کی اولین پسند ہے کیونکہ ان ملبوسات میں تھوڑی سی ترمیم کے بعد آپ لباس کو چار چاند لگا سکتی ہیں ان ملبوسات کی خوبصورتی یہ ہے کہ آپ انہیں گھر پر بھی تیار کرسکتی ہیں۔

> موسم گرم کے دوران سفید ملبوسات کے ساتھ دیگر مختلف اور ہلکے رنگوں کے امتزاج سے تیار کردہ ملبوسات کی مانگ بڑھ جاتی ہے۔ رواں برس بھی مارکیٹوں میں مکمل سفید اور دیگر شوخ رنگ کے ملبوسات مختلف ہاتھ اور مشینی کڑھائیوں سے بجی ہوئی قمیض شلواروں کی بھرمار مارکیٹ میں دستیاب ہے یہی نہیں بلکہ سفید جوڑوں پر کہیں کہیں خالصتاً سفید کڑھائی بھی دکھائی دیتی ہے

کچن کارنر

سندھی پلاؤ

اشیاء:

چاول	ایک سیر
پیاز	ایک سیر
مٹر	ایک سیر
گوشت	ایک سیر
گاجر	آدھا سیر
ٹماٹر	ایک سیر
دار چینی	ایک ٹکڑا
لونگ	چھ عدد
لال مرچ	نمک حسب ذائقہ
گھی	ڈیڑھ پاؤ
سیاہ زیرہ	ایک چائے کا چمچ
ہری مرچ	دس عدد
بڑی الائچی	دو عدد

ترکیب: سب سے پہلے پیاز، گاجر کو کاٹ لیں اور ٹماٹر کے چار چار ٹکڑے کاٹ لیں، پھر کڑ کڑاتے ہوئے گھی میں پیاز کو بادامی رنگ تک تل لیں۔ پھر گوشت میں نمک، مرچ ڈال کر ہلکا سا بھون لیں۔ پھر اس میں مصالحہ ڈال دیں۔ اور اتنا پانی ڈالیں جس میں گوشت اچھی طرح گل جائے۔ جب پانی خشک ہو جائے اور گوشت گل جائے تو گاجر، ٹماٹر، مٹر اور ہری مرچ ڈال دیں اور بیچ ہلاتی رہیں۔ اس کے بعد بھگوئے ہوئے چاول ڈال دیں۔ اور انکو چند منٹ تک بھونتے رہیں۔ کوشش کریں کہ چاول ٹوٹیں نہ۔ پھر اس میں اتنا پانی ڈالیں کہ جس میں چاول گل جائیں۔ جب پانی خشک ہو جائے تو دس، پندرہ منٹ تک دم پر رکھ دیں۔ دم کے بعد گرم گرم نوش فرمائیں:۔ یہ پلاؤ آٹھ افراد کے لئے کافی ہے۔

دہی کا پلاؤ

اشیاء:

چاول	ایک کلو
پیاز	دو عدد
لہسن	تین جوئے
نمک	حسب ضرورت
دہی	ایک کلو
ہری	مرچ سات عدد
ادرک	ایک چھوٹی گانٹھ

ترکیب: ادرک لہسن پیس کر دہی میں ملالیں۔ اور ہری مرچ کاٹ کر اس میں حسب ضرورت نمک ملا کر یہ بھی دہی میں شامل کرلیں اور کچھ دیر کے لئے رکھ دیں۔ پھر پیاز کو گھی میں بھون لیں۔ جب لال ہو جائے تو یہ پیاز گھی وغیرہ دہی میں ڈال دیں۔

مٹن مصالحے دار بریانی

اشیاء:

بکرے کا گوشت	کلو
چاول	کلو
تیل	کپ
لہسن پیسٹ	ایک کھانے کا چمچ
ادرک پیسٹ	ایک کھانے کا چمچ
دھنیا پاؤڈر	دو کھانے کا چمچ
نمک	حسب ذائقہ
پیاز	دو عدد (سلائس کاٹ لیں)
دہی	ایک کپ
گرم مصالحہ پاؤڈر	ایک چائے کا چمچ
لال مرچ پاؤڈر	دو چائے کے چمچ
دار چینی	تین ٹکڑے
لونگ	چھ عدد
ثابت سیاہ مرچیں	10 عدد
بڑی الائچی	دو عدد
جائفل	چھوٹا ٹکڑا
جاوتری	تین چھوٹے ٹکڑے
چھوٹی الائچی	چار عدد
ہری مرچیں	چھ عدد
ٹماٹر	دو عدد (44 ٹکڑے کرلیں)
زعفران	چائے کا چمچ
گرم دودھ	چھ کھانے کے چمچ
آلو	تین عدد
کیوڑا	چند قطرے

ترکیب: ایک پتیلی میں تیل گرم کرکے اس میں پیاز ڈال کر براؤن ہونے تک فرائی کریں اس کے بعد نکال کر الگ رکھ لیں۔ اب اسی تیل میں 2 عدد دار چینی کے ٹکڑے، دو عدد چھوٹی الائچی، 3 عدد لونگ، 5 عدد ثابت سیاہ مرچیں 1 عدد بڑی الائچی، 1 عدد جاوتری اور تھوڑا سا جائفل ڈال کر چمچ چلائیں اس کے بعد اس میں بکرے کا گوشت، لہسن پیسٹ، ادرک پیسٹ، دھنیا پاؤڈر، لال مرچ پاؤڈر اور نمک ڈال کر گوشت کا پانی خشک ہونے تک بھونیں اس کے بعد اس میں دہی، آلو اور براؤن کی ہوئی پیاز کو چورا کرکے ڈالیں۔ گوشت گلنے کے بعد اس میں گرم مصالحہ پاؤڈر شامل کریں اور 5 منٹ کے لئے دم پر رکھ دیں۔ ایک دوسرے پتیلی میں چاول ڈال کر اس میں دار چینی، لونگ، ثابت سیاہ مرچیں، بڑی الائچی، جائفل، جاوتری، چھوٹی الائچی اور نمک شامل کرکے ایک کنی رہنے تک ابال لیں۔ اس کے بعد پانی نتھار کر چاولوں کو ایک طرف رکھ دیں۔ گرم دودھ میں زعفران بھگو کر ایک طرف رکھ دیں۔ ایک بڑے پتیلے میں پہلے ابلے ہوئے ۔ لذیذ مٹن مصالحے دار بریانی تیار ہے۔ سرونگ ڈش میں نکال کر رائتے کے ساتھ گرم گرم سرو کریں۔

انڈوں کی بریانی

اشیاء

چاول	ایک کلو
پودینہ	ایک گٹھی
ٹماٹر	آدھ پاؤ
گرم مصالحہ	حسب ضرورت
مرچ	حسب منشاء
گھی	حسب ضرورت
انڈے	چھ عدد
پیاز	آدھ کلو
ہری مرچ	چار عدد
نمک	حسب ذائقہ
لیموں	ایک عدد

ترکیب: چاول ابال کر چھلنی میں نکال لیں۔ اب دیگچی میں گھی کڑکڑا کر ایک گٹھی پیاز سرخ کرلیں۔ اس پر چاول ڈال کر ذرا پانی ڈال کر دم لگا دیں۔ البتہ پسا ہوا گرم مصالحہ ضرور چھڑکیں۔ لیموں کا رس نچوڑ لیں۔ اب انڈے توڑ کر اس میں نمک، مرچ، پیاز، ٹماٹر، ہری مرچیں باریک کتر کر ملا لیں اور خوب پھینٹ لیں۔ اب فرائی پین میں گھی گرم کرکے دو الگ الگ آملیٹ تل کر رول کرلیں اور چھری سے انگلی کے برابر کاٹ لیں اور پلیٹ میں نکال لیں۔ اب دم شدہ چاولوں میں یہ ٹکڑے ملا کر اوپر پودینہ کی صاف شدہ اور دھلی ہوئی پتیاں بکھیر کر ڈش میں نکال لیں۔ بے حد لذیذ بریانی ہوگی۔

کابلی چنوں کی بریانی

اشیاء

کابلی چنے	ڈیڑھ پاؤ
چاول	ایک کلو
لہسن	دس جوئے
پیاز	ایک پاؤ
گوشت	آدھا کلو
کالا زیرہ	دو ماشے
کالی مرچ	دو ماشے
بڑی الائچی	دو ماشے
سوڈا	ایک رتی
دہی	ایک پاؤ
سبز مرچ	دو عدد
گھی	تین چھٹانک
لونگ	دو ماشے
سرخ سبز پیلا رنگ	حسب پسند
نمک	حسب ذائقہ

ترکیب: کابلی چنے ایک رات پہلے بھگو کر رکھ دیں۔ صبح ایک چٹکی سوڈا، ایک سیر پانی میں اور نمک ڈال کر پکنے کے لئے چڑھا دیں اور ہلکی آنچ پر پکنے دیں۔ چنے گل جائیں تو اتار لیں۔ نصف پیاز لچھے دار باریک کاٹ لیں اور نصف موٹے ٹکڑے اب چولہے پر دیگچی چڑھا کر اس میں آدھا گھی ڈال دیں اور باریک کٹی ہوئی پیاز اس میں تل کر سنہری کرکے نکال لیں اور بچا ہوا گھی بھی گوشت ڈال کر تھوڑا سا بھونیں اور نمک ڈال کر چار پیالی پانی ڈال دیں۔ اب اس گوشت کو اس وقت تک ہلکی آنچ پر پکنے دیں جب تک کہ یہ خوب گل نہ جائے۔ جب یخنی تیار ہو جائے تو یخنی علیحدہ کرلیں گوشت علیحدہ رکھ لیں اور مصالے کی پوٹلی پھینک دیں اب دوسری دیگچی لے کر اس میں باقی گھی ڈالیں۔ اس میں بنی ہوئی پیاز گوشت اور دہی ڈال دیں اور ان سب کو بھونیں۔ جب دہی کا پانی خشک ہو جائے تو گرم مصالحہ ڈال کر بھونیں۔ اب چاول جو کم از کم ایک گھنٹہ پہلے سے تیار شدہ ہیں، میں یخنی ڈال دیں جو کہ تین پیالی کے قریب ہوگی۔ جب چاول گلنے کے لائق ہو جائیں تو تین پیالیوں میں تین رنگ ملا کر چاول پر بیچ سے تین طرف سے تینوں رنگ چھڑک دیں۔ پانچ منٹ دم دیں اور اتار لیں بریانی تیار ہے۔





موسم چاہے گرمی کا ہو یا سردی کا

آپ کا چہرہ خاص توجہ چاہتا ہے

شبنم ارشد

موسم چاہے گرمی کا ہو یا سردی کا آپ کی جلد ہر موسم کا سب سے پہلے اثر قبول کرتی یہ اور آپ کا چہرہ کھلا ہونے کے باعث موسم کا سب سے زیادہ اثر قبول کرتا ہے اس لئے آپ کا چہرہ خاص توجہ اور محنت چاہتا ہے۔ آپ کا چہرہ چاہے کسی بھی قسم سے تعلق رکھتا ہو خشک یا چکنا وہ آپ سے ایک جیسی توجہ چاہتا ہے توجہ کا مطلب یہ ہرگز نہیں کہ آپ سارا دن خود کو آئینے میں دیکھنے میں مصروف رکھیں ضروری یہ ہے کہ آپ اسے موسم کے لحاظ سے مناسب دیکھ بھال فراہم کریں۔ ذیل میں ہم آپ کیلئے چند ہدایات فراہم کررہے ہیں۔ جو ہر موسم کو مدنظر رکھ کر ترتیب دی جا رہی ہے اس لئے ان ہدایات کو پڑھئے اور ہمیں اپنی آراء سے آگاہ کیجئے۔

ہدایات: سردی ہو یا گرمی صبح نہار منہ دو گلاس پانی ضرور پی لیجئے یہ آپ کے معدے کو صاف رکھنے کا سبب بنتا ہے۔

سب سے پہلے کچا دودھ لے لیں اور اس میں کاٹن کو بھگو کر اپنے پورے چہرے پر لگائیں اور آہستہ آہستہ گول انداز میں گھماتی جائیں اب اسے پندرہ منٹ کیلئے لگا رہنے دیں اس کے بعد ٹھنڈے یا تازہ پانی سے دھولیں یہ عمل ہفتے میں چار سے پانچ دن ضرور کریں۔ یہ آپ کے چہرے کو چمکدار بنانے کا سبب بنتا ہے۔

ایک کھیرے کا ٹکڑا لیں اور اسے اپنے چہرے پر گول گھمانے والے انداز میں آہستہ آہستہ رگڑیں۔

دو کھانے کے چمچ ملائی کے لیں ڈیڑھ کھانے کا چمچ آٹا اور اسکے ساتھ چند قطرے لیموں کے رس کے ملائیں اور روز اس مکسچر کو اپنے چہرے پر پانچ منٹ کیلئے لگائیں اور پھر دھولیں۔ نوٹ! خشک چہرے والی خواتین ملائی کا استعمال کریں اور وہ خواتین جن کا چہرہ آئلی ہے وہ ملائی کی جگہ بیسن کا استعمال کریں۔

برابر وزن میں کھیرے اور لیموں کا جوس لے لیں اور نہانے سے پہلے اپنے چہرے پر لگائیں اور دس منٹ کے بعد چہرہ دھولیں یہ آپ کی رنگت کو بہتر کرتا ہے۔

ایک ٹماٹر کا ٹکڑا لیں اور اسے اپنے چہرے اور گردن پر مساج کے طریقے سے لگاتے جائیں یعنی ہلکا ہلکا رگڑتے جائیں مگر بہت زیادہ رگڑنے سے گریز کریں اور پندرہ منٹ بعد چہرہ دھولیں

چہرے پر عرق گلاب کا استعمال ہی بہترین ہے یہ آپ کے چہرے کے لیے سن بلاک کا کام کرتا ہے

دہی اور ٹماٹر کا پیسٹ آپس میں اچھی طرح ملائیں اور چہرے پر لگائیں یہ آپ کے چہرے کی نرمی کا باعث بنتا ہے۔

شہد اور کیلے کا مکسچر بنالیں اب اس میں تھوڑا سا میرک پاؤڈر، کوئی بھی ملک کریم اور چاول کا آٹا ملائیں اور یہ پیسٹ چہرے پر لگائیں۔ چہرے کی چمک کیلئے یہ بہترین مکسچر ہے آپ صرف شہد اور کیلے کا مکسچر بھی استعمال کرسکتی ہیں یہ بھی آپ کے چہرے کی چمک کو بڑھاتا ہے۔

چند احتیاطی تدابیر سے

اپنے پاؤں اور ناخنوں کو شاندار لک دیں

کنول ڈار

ہمارے جسم کا سب سے زیادہ استعمال ہونے والا عضو پاؤں ہے بعض اوقات انہیں ٹائٹ شوز میں پھنسا دیا جاتا ہے۔ یا پھر ستائکش جوتے ان کیلئے بن جاتے ہیں ، یہ سارا دن ہمارا وزن اٹھاتے ہیں ایسے میں ضروری ہوتا ہے کہ ان کی دیکھ بھال مناسب طریقے سے کی جائے اور انکی صفائی کا خیال رکھا جائے صاف ستھرے ناخن، اور میل کچیل سے پاک پاؤں پروقار اور شاندار لگتے ہیں۔ پاؤں کی صفائی کیلئے ایک ٹب میں اتنا پانی لیں جس میں پاؤں ڈوب جائے پانی کے اندر شیمپو اور نمک ملا کر پیروں کو اچھی طرح رگڑیں پرسکون ہو جائیں گی۔ پاؤں کی جلد پر جو نمی ہے اسے قائم رکھنے کیلئے اچھا سا موئسچرائزر استعمال کریں اس سے پیروں کی جلد نرم وملائم ہو جائے گی۔ جب آپ پیروں کے ناخنوں کی صفائی کرتے وقت شارپ نیل کٹر سے ناخنوں کو کاٹیں تاکہ ان کی شیپ قائم رہے اب پیروں کے ناخنوں کے آس پاس چند قطرے کیوٹیکل ریموور کے ڈال لیں اور مساج کریں اب کناروں کو آرام سے پیچھے پش کرنے کیلئے کیوٹیکل پشر کا استعمال کریں۔ ان کٹے ہوئے ناخنوں کے کناروں کو برابر کرنے کیلئے ان پر فائل کریں اس کے بعد سے بفر سے ناخنوں کو بف کریں اس طرح ناخنوں میں چمک آجائے گی، اب ناخنوں پر کلیئر نیل پالش لگائیں اور اسے خشک ہونے کیلئے پانچ سے دس منٹ دیں اب آپ نیل وارنش لگائیں اور پندرہ منٹ تک خشک ہونے دیں، اب آپ کے پاؤں اور ناخن شاندار لک حاصل کرچکے ہیں۔

بلا اجازت احتجاج کرنیوالوں کیخلاف کارروائی ہوگی اسلام آباد پولیس

جن سیاسی کارکنان کی شناخت اور مقدمات درج ہیں ان کی گرفتاری کیلئے کارروائی کر رہے ہیں، ترجمان اسلام آباد پولیس

سیاسی جماعت کے رہنماؤں نے اسلام آباد آمدورفت کے راستے بند کرنے کا اعلان کیا ہے اسلام آباد کے شہریوں، طلبہ اور مریضوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے

اسلام آباد (این این آئی) ترجمان اسلام آباد پولیس نے شہر کی صورتحال اور ممکنہ احتجاج پر اپنے بیان میں کہا ہے کہ بلا اجازت احتجاج کرنیوالوں کیخلاف کارروائی ہوگی۔ اسلام آباد پولیس کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا کہ سیاسی جماعت کے رہنماؤں نے اسلام آباد آمدورفت کے راستے بند کرنے کا اعلان کیا ہے، جس وجہ سے اسلام آباد کے شہریوں، طلبہ اور مریضوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔

جیکب آباد؛ سیلاب متاثرین ایک معمر شخص اپنی مدد آپ کے تحت مٹی کا گھر تیار کر رہا ہے

سموگ کریک ڈاؤن، 52 ہزار سے زائد گاڑیوں کو چالان ٹکٹس جاری

لاہور (این این آئی) سی ٹی او لاہور ڈاکٹر اسد اعجاز ملہی نے کہا ہے کہ سموگ کریک ڈاؤن کے دوران 52 ہزار سے زائد کمرشل وہیکلز کو چالان ٹکٹس جاری کیے گئے، خطرناک حد تک دھواں چھوڑنے والی 496 گاڑیاں بھی بند کی گئیں، دھواں چھوڑنے والی گاڑیوں کو 02 ہزار کے چالان ٹکٹس کیے جا رہے ہیں۔ ڈاکٹر اسد اعجاز نے بتایا کہ شہر کے داخلی و خارجی راستوں، بس اڈوں پر جوائنٹ آپریشنز بھی جاری ہیں جبکہ خصوصی ناکہ جات لگاتے ہوئے کریک ڈاؤن کو بھی یقینی بنایا جا رہا ہے۔

محبوبہ مفتی کا بھی اسمبلی انتخابات کے بائیکاٹ کا اعلان

ہم اپنی بقاء کی جنگ لڑ رہے ہیں کیوں کہ برسراقتدار لوگ اختلاف کی آواز کو دبانے پر تلے ہوئے ہیں

سرینگر (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں و کشمیر میں نیشنل کانفرنس کے نائب صدر عمر عبداللہ کے بعد پیپلز ڈیموکریٹک پارٹی کی صدر محبوبہ مفتی نے بھی مودی کی فرقہ پرست حکومت کی طرف سے مقبوضہ علاقے کے ثقافتی، سماجی اور سیاسی تشخص کو خطرے کے پیش نظر اسمبلی انتخابات کے بائیکاٹ کا اعلان کیا ہے۔

عمران اسماعیل کا سبحان علی ساحل کو فوری رہا کرنے کا مطالبہ

کراچی (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما اور سندھ کے سابق گورنر عمران اسماعیل نے سبحان علی ساحل کی فوری رہائی کا مطالبہ کیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق عمران اسماعیل نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر جاری پیغام میں کہا کہ پی ٹی آئی رہنما سبحان علی ساحل کو گرفتار کرنے کی مذمت کرتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ سندھ حکومت اور پولیس ہمارے پرامن احتجاج سے خوفزدہ ہیں، سندھ پولیس یاد رکھے وہ جن کی غلامی کر رہے ہیں ان کے دن گنے جا چکے ہیں۔

لاہور، صوبہ بھر سے ڈینگی کے 112 مریض رپورٹ

لاہور سے 35، راولپنڈی سے 20، گوجرانوالہ سے 16، ملتان سے 10 مریض رپورٹ ہوئے

لاہور (این این آئی) گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران صوبہ بھر سے ڈینگی کے 112 مریض رپورٹ ہوئے۔ ترجمان محکمہ صحت کے مطابق لاہور سے 35، راولپنڈی سے 20، گوجرانوالہ سے 16، ملتان سے 10، شیخوپورہ سے 9، فیصل آباد سے 8، سیالکوٹ سے 4، قصور سے 3، اوکاڑہ سے 2، سرگودھا، رحیم یار خان، ٹوبہ ٹیک سنگھ، جہلم اور ڈیرہ غازی خان سے 1، 1 کیس رپورٹ ہوا۔

امپورٹڈ حکومت کیخلاف جدوجہد کا حتمی مرحلہ شروع، مزید پرعزم ہوکر اسلام آباد جا رہے ہیں، عباس علی شاہ

لاہور (این این آئی) وزیر جنگلات پنجاب عباس علی شاہ نے کہا ہے کہ امپورٹڈ حکومت کے خلاف جدوجہد کا حتمی مرحلہ شروع کر رہے ہیں، اب کی بار مزید پرعزم ہوکر اسلام آباد جا رہے ہیں۔ انہوں نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ عمران خان اور کارکنان کے حوصلے سانحہ وزیرآباد کے بعد مزید بڑھے ہیں، عمران خان کی قیادت میں حقیقی آزادی کے حصول تک ڈٹے رہیں گے۔

پاکستان موسمیاتی تبدیلی کے چیلنجز سے نمٹ رہا ہے، چینی میڈیا

نئی توانائی اور سمارٹ گاڑیاں وہ نئی سمتیں ہوسکتی ہیں جن پر پاکستانی کمپنیاں دیکھ سکتی ہیں، گوادر پرو

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان موسمیاتی تبدیلی کی وجہ سے آنے والے چیلنجوں سے نمٹ رہا ہے، اس کی آٹوموبائل انڈسٹری کو سپلائی چین کے مسائل کا سامنا ہے، نئی توانائی اور سمارٹ گاڑیاں وہ نئی سمتیں ہوسکتی ہیں جن پر پاکستانی کمپنیاں دیکھ سکتی ہیں۔ گوادر پرو کے مطابق یو این آئی ڈی او اور آئی ٹی پی نیٹ ورک اور سی آئی آئی ای بیورو کے زیر اہتمام چائنا انٹرنیشنل امپورٹ ایکسپو (سی آئی آئی ای) میں چوتھے۔

راولپنڈی: ڈپٹی کمشنر شعیب علی پرائس کنٹرول کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

محکمہ صحت پنجاب میں مزید 4600 اسامیوں پر بھرتیوں کا اعلان

نئی اسامیوں پر بھرتی کرنے کیلئے ریکوزیشن پنجاب پبلک سروس کمیشن کو بھجوانے کیلئے عمل کا آغاز کر دیا، ڈاکٹر یاسمین راشد

سرکاری ٹیچنگ ہسپتالوں میں ڈاکٹرز، نرسز اور پیرامیڈیکل سٹاف کی کمی پوری کرنے کی پوری کوشش کر رہے ہیں، وزیر صحت پنجاب

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر یاسمین راشد نے محکمہ صحت پنجاب میں مزید 4600 اسامیوں پر بھرتیوں کا اعلان کر دیا۔ صوبائی وزیر صحت کی زیرصدارت محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں اہم اجلاس منعقد ہوا، اجلاس میں نئے تعینات ہونے والے سیکرٹری صحت پنجاب ڈاکٹر جاوید احمد قاضی، سپیشل سیکرٹری محمد عثمان، ایڈیشنل سیکرٹریز زاہدہ اظہر، شاہدہ فرخ، ڈاکٹر حافظ شاہد لطیف، قرۃ العین اور آغا نبیل، چیف

پیپلز پارٹی، مسلم لیگ اور پی ٹی آئی نے عوام کو مایوس کیا ہے، جماعت اسلامی سندھ

کراچی (این این آئی) امیر جماعت اسلامی سندھ و سابق ایم این اے محمد حسین محنتی نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی، مسلم لیگ ن اور پی ٹی آئی نے عوام کو مایوس کیا ہے، ان کی جدوجہد عوام کی فلاح اور ملک کی ترقی کے بجائے ذاتی مفادات کا حصول ہے جس کے نتیجے میں مہنگائی کا طوفان، ملک مقروض، کرپشن اور لوٹ مار کا بازار گرم کیا جاتا ہے۔ جماعت اسلامی کی تمام سرگرمیوں کا مرکز و محور رضائے الٰہی کا حصول اور ملک میں اسلامی نظام کا نفاذ ہے۔

لاہور: سنگھ پورہ سبزی منڈی کے قریب کوڑے کے ڈھیر کو آگ لگی ہوئی ہے

کراچی کے مختلف علاقوں میں تیز بارش کے بعد ژالہ باری بھی ریکارڈ

ہوا میں نمی کا تناسب بڑھنے اور درجہ حرارت گرنے سے ژالہ باری ہوتی ہے، موسمیاتی تجزیہ کار

کراچی (این این آئی) کراچی کے مختلف علاقوں میں پیر کو کہیں ہلکی اور کہیں تیز بارش ہوئی جبکہ سپر ہائی وے کے اطراف ژالہ باری بھی ریکارڈ کی گئی ہے، بارش منگل کی صبح تک جاری رہنے کا امکان ہے۔ کراچی کے علاقوں شارع فیصل، ملیر، گلستان جوہر، ناظم آباد، کلفٹن، قیوم آباد، کورنگی، لانڈھی، صدر، کشمیر روڈ، ایف بی ایریا، گلشن اقبال کے مختلف علاقوں میں کہیں ہلکی اور کہیں تیز بارش ہوئی۔

مسجد اقصی کی بے حرمتی جاری 100 یہودی آبادکار بے حرمتی کے مرتکب

مقبوضہ بیت المقدس (این این آئی) درجنوں یہودی آباد کاروں نے قابض سکیورٹی اہلکاروں کی حفاظت میں ایک مرتبہ پھر مسجد اقصی کی بے حرمتی کی ہے۔ بے حرمتی کا تازہ واقعہ گزشتہ روز پیش آیا۔ قسطل نیوز ویب سائٹ کے مطابق بے حرمتی کے لیے قابض پولیس کی حفاظت میں آنے والے ان یہودی آباد کاروں کی تعداد کم از کم 109 تھی۔ اسرائیلی پولیس نے ان کی آمد سے پہلے ہی مسجد اقصی کے تمام دروازے بند کر رکھے تھے اور مسلمان کو صحن مسجد کی طرف آنے کی اجازت نہیں تھی۔

عقیدت ختم نبوتؐ پر آنچ نہیں آنے دیں گے، پروفیسر ساجد میر

عقیدہ ختم نبوتؐ کے تحفظ اور دفاع کیلئے کسی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے

لاہور (این این آئی) مرکزی جمعیت اہل حدیث پاکستان کے سربراہ سینیٹر پروفیسر ساجد میر نے کہا ہے کہ قادیانیت برصغیر کا سب سے بڑا فتنہ ہے اور اس فتنے کی سرکوبی کا اعزاز پاکستان کے پارلیمنٹ کو حاصل ہے، ہم نے عقیدہ ختم نبوتؐ پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کرنے کا عہد کر رکھا ہے، عقیدہ ختم نبوتؐ اسلام کی بنیاد ہے، پورے دین کی عمارت اس پر قائم ہے، صحابہ کرام کا سب سے پہلا اجماع اس عقیدہ ختم نبوت پر ہوا۔

اسلام آباد ہائی کورٹ: ارشد شریف کی پوسٹ مارٹم رپورٹ کے حصول کیلئے والدہ کی درخواست پر نوٹس جاری

اسلام آباد (آن لائن) اسلام آباد ہائیکورٹ نے کینیا میں فائرنگ سے قتل ہونے والے سینئر صحافی ارشد شریف کی والدہ کی جانب سے بیٹے کی پوسٹ مارٹم رپورٹ کے حصول کے لیے دائر درخواست پر نوٹس جاری کر دیئے۔ ارشد شریف کی والدہ نے دو روز قبل بیٹے کی پوسٹ مارٹم رپورٹ کے حصول کے لیے عدالت سے رجوع کیا تھا۔

ایل ڈبلیو ایم سی انفورسمنٹ ونگ کا شہر بھر میں کریک ڈاؤن جاری

گزشتہ ماہ 11 ہزار سے زائد مقامات کی انسپکشن، غیر قانونی ڈمپنگ کرنیوالی 19 گاڑیاں زیر تحویل

لاہور (این این آئی) سی ای او علی عنان قمر کی ہدایات پر ایل ڈبلیو ایم سی انفورسمنٹ ونگ کا شہر بھر میں کریک ڈاؤن جاری، گزشتہ ماہ 11 ہزار سے زائد مقامات کی انسپکشن کی گئی۔

ملک اور جمہوریت بچانے کیلئے جلد الیکشن کرائیں جائیں، شاہد صدیق

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے سینئر مرکزی بانی رہنما ڈاکٹر شاہد صدیق خان نے کہا ہے کہ ملک اور جمہوریت بچانے کیلئے جلد الیکشن کرائیں جائیں، مخصوص قوتیں عمران خان کی آواز دبانا چاہتی ہیں، امپورٹڈ حکومت ملک کے لئے خطرہ بن چکی ہے، عمران خان کو حقیقی آزادی کا نعرہ بلند کرنے پر راستہ سے ہٹانے کی سازش کی گئی۔ اپنے جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ عمران خان کی تاریخ ہے کہ نہ وہ کبھی جھکے ہیں اور نہ ہی ڈرے ہیں۔

ناصر CNG
اینڈ آٹو ورکشاپ
CNG اور آٹو پارٹس دستیاب ہیں
فری آئل چینج
مکینک: ناصر محمود 0332-5683901 0345-5259129
مکینک ظفر اقبال 0343-6818018

ضرورت پڑی تو کے پی، پنجاب میں گورنر راج لگا سکتے ہیں، عظمٰی بخاری

عمران خان نے ڈیجیٹل لانگ مارچ کا اعلان کیا اب آن لائن انقلاب آئیگا

لاہور (این این آئی) مسلم لیگ (ن) پنجاب کی سیکرٹری اطلاعات عظمٰی بخاری نے کہا ہے کہ گورنر راج کی آئین میں گنجائش ہے اگر ضرورت ہوئی تو کے پی اور پنجاب میں گورنر راج لگا سکتے ہیں، عمران خان نے ڈیجیٹل لانگ مارچ کا اعلان کیا ہے اور اب آن لائن انقلاب آئے گا، عمران خان کے سیاسی واویلے یا اداکاری سے الیکشن وقت سے پہلے نہیں ہوں گے جبکہ ملزم کے اعترافی بیان کے بعد فرمائشی مقدمہ درج نہیں ہونا چاہیے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ ماڈل ٹاؤن میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ پانچ روز پہلے وزیر آباد لانگ مارچ میں عمران خان کے ساتھ جو واقعہ ہوا وہ قابل مذمت ہے، سانحہ وزیر آباد پر شہباز شریف نے مذمت کی اور تعاون کا بھی کہا۔

اشتہاری مجرمان کے خلاف ریجن پولیس کا کریک ڈاؤن

گزشتہ ماہ اکتوبر میں 1119 مجرمان اشتہاری گرفتار

گوجرانوالہ (منیر مغل سے روزنامہ انڈر ورلڈ نیوز لاہور) اشتہاری مجرمان کے خلاف ریجن پولیس کا کریک ڈاؤن۔ گزشتہ ماہ اکتوبر میں 1119 مجرمان اشتہاری گرفتار۔ مجرمان دہشت گردی، قتل، ڈکیتی و راہزنی، اغواء برائے تاوان جیسی سنگین مقدمات میں ملوث۔ قانون شکن عناصر سے کسی قسم کی نرمی نہیں کی جائے گی جو بھی قانون شکنی کا مرتکب ہوگا اسے جیل جانا ہوگا۔ ریجنل پولیس آفیسر منیر مسعود مارتھ۔ ریجنل پولیس آفیسر منیر مسعود مارتھ کے احکامات کی روشنی میں ریجن پولیس نے گزشتہ ماہ اکتوبر کے دوران مجرمان اشتہاری کے خلاف چلائی گئی خصوصی مہم کے دوران دہشت گردی، قتل، ڈکیتی و راہزنی اور اغواء برائے تاوان جیسی سنگین وارداتوں میں ملوث 1119 مجرمان اشتہاری گرفتار کیے گئے۔

Council of the Arts, Rawalpindi
Seminar

راولپنڈی؛ پنجاب آرٹس کونسل میں نعیم اکرم قریشی اور وقار احمد منعقدہ سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں

زہریلی گیس سے ہلاکتیں، متوفی کے والد کا کیس چلانے سے انکار

یہ مفادِ عامہ کا کیس ہے، اسے اس طرح ختم نہیں کر سکتے، سندھ ہائی کورٹ

کراچی (این این آئی) سندھ ہائی کورٹ میں 2020 میں کیماڑی میں زہریلی گیس سے ہلاکتوں کے کیس کی سماعت کے دوران واقعے کے ایک متوفی کے والد نے کیس مزید چلانے سے انکار کر دیا۔ پیر کو سندھ ہائی کورٹ میں بحری جہاز ہرکولیس کے عملے کے خلاف مقدمے کے لیے درخواست پر سماعت کے دوران وکیل نے عدالت کو بتایا کہ کچھ متاثرین کا کمپرومائز ہو گیا ہے اور وہ کیس نہیں چلانا چاہتے۔ واقعے کے ایک متوفی کے والد نے عدالت کو بتایا کہ زہریلی گیس سے میرا نوجوان بیٹا فاروق جاں بحق ہوگیا تھا، تاہم ہماری دادرسی ہوگئی ہے اور ہم کیس مزید نہیں چلانا چاہتے۔ ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل نے عدالت سے استدعا کی کہ متاثرین کی صلح کے بعد کیس نمٹا دیا جائے۔

محکمہ جنگلی حیات، غیرقانونی شکار کی روک تھام کیلئے کارروائیاں

پاڑہ ہرن، فالکن، مرغابی اور فاختہ کے شکار پر 44 چالانات، چار لاکھ جرمانہ

لاہور (این این آئی) سیکرٹری جنگلات، جنگلی حیات و ماہی پروری پنجاب شاہد زمان کی خصوصی ہدایت پر ڈائریکٹر جنرل جنگلی حیات و پارکس پنجاب مبین الٰہی کی زیر قیادت محکمہ کا پنجاب بھر میں جنگلی جانوروں و پرندوں کے غیرقانونی شکار اور کاروبار کے خلاف آپریشن مؤثر انداز سے جاری و ساری ہے اور جس کے نتیجے میں گوجرانوالہ ریجن میں کالے ریچھ اور بندر کے غیر قانونی قبضے، پاڑہ ہرن، فالکن، مرغابی اور

راستوں کی بندش کا معاملہ، پی ٹی آئی کے اہم رہنماؤں کو گرفتار کرنیکا فیصلہ

علی امین گنڈا پور اور ملک عامر ڈوگر کو بھی گرفتار کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان تحریک انصاف کی جانب سے اسلام آباد کے داخلی اور خارجی راستوں کی بندش کے معاملہ پر پی ٹی آئی کے اہم رہنماؤں کو گرفتار کرنے کا فیصلہ کر لیا گیا۔ قانون نافذ کرنے والے اداروں کا رات گئے اہم اجلاس ہوا، اجلاس میں پرویز خٹک، شیخ راشد شفیق، عامر کیانی کے وارنٹ لے لئے گئے ہیں، علی امین گنڈا پور اور ملک عامر ڈوگر کو بھی گرفتار کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔

یوٹیلیٹی سٹورز سے چینی کی خریداری عوام کے لیے خواب بن گی

چند کلو چینی کی خریداری کے حصول کی خاطر میسج کریں اور چینی حاصل کریں

گوجرخان (قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق غریب عوام ہر جگہ ہی مشکلات کا شکار گوجرخان اور گردونواح میں سرکاری یوٹیلیٹی سٹورز سے چینی کی خریداری غریب آدمی کے لئے خواب بن کر رہ گیا چینی کی خریداری کے لئے واضع پیچیدہ نظام کے سبب عوام چند کلو چینی کے حصول کے لئے خوار ہونے لگے اس بوسیدہ نظام کے طریقہ کار کو بدلنے کے عوام بول پڑی ملک بھر کی طرح تحصیل گوجرخان میں قائم سرکاری یوٹیلیٹی اسٹورز سے چینی کی خریداری سے قبل جاری نمبر 5566 پر پہلے میسج کریں لوڈ نمبر کے ہمراہ یوٹیلیٹی اسٹورز پر جا کر پھر آپ سستی چینی خرید پائیں گے تحصیل گوجرخان کے باسیوں نے ایک سروے کے دوران کہا یوٹیلیٹی اسٹورز کارپوریشن کی طرف سے جاری طریقہ کار ناقابل عمل ہے عوامی حلقوں نے حکومت سے اسے ختم کرنے کا مطالبہ کر دیا موبائل فون پر بیلنس نہ ہو تو پیغام 5566 پر کیسے ارسال کریں بوڑھے جن کے پاس موبائل نہیں وہ کہاں جائیں کوڈ لینے کے لئے؟ سستی چینی کے حصول کے عمل کو آسان بنانے کے لئے حکومت و ایم ڈی یوٹیلیٹی اسٹورز کارپوریشن آسان طریقہ کار واضح کریں موجودہ طریقہ کار غریب کے ساتھ مذاق سے کم نہیں ریجنل ڈائریکٹر یوٹیلیٹی اسٹورز کارپوریشن ڈسٹرکٹ راولپنڈی قیصر علی نے میڈیا سے گفتگو میں کہا کہ اس طریقہ کار کے سبب عوام کو مشکلات ارہی ہیں امید ہے جلد اس طریقہ کار کو ختم کر دیا جائے گا ہم اپنے طور پر اسے ختم نہیں کر سکتے متبادل طریقہ کار پر غور و فکر جاری ہے۔

عمران خان پر حملہ، ایف آئی آر نامعلوم افراد پر کرنے سے روکا ہے، مونس الٰہی

پولیس کو پولیس کی مدعیت میں پولیس کی مرضی کی ایف آئی آر سے روکا ہے

پاکستان مسلم لیگ ق کے رہنما اور سابق وفاقی وزیر برائے آبی وسائل مونس الٰہی کا ٹویٹ

لاہور (سٹاف رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ ق کے رہنما اور سابق وفاقی وزیر برائے آبی وسائل مونس الٰہی نے وزیر آباد میں پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین اور سابق وزیراعظم عمران خان پر قاتلانہ حملے کی ایف آئی آر سے متعلق اہم بیان دیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق سپریم کورٹ نے آئی جی پنجاب فیصل شاہکار کو عمران خان پر حملے کی ایف آئی آر 24 گھنٹوں میں درج کرنے کا حکم دیا ہے جبکہ آئی جی پنجاب نے عدالت میں بتایا انہیں صوبائی حکومت نے ایف آئی آر درج کرنے سے روکا ہے۔ دوسری طرف سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر اپنے ایک بیان میں مونس الٰہی نے آئی جی پنجاب کے بیان سے متعلق ٹوئٹ کو ری ٹوئٹ کرتے ہوئے لکھا

لاہور: خانہ بدوش فیملی نہر کنارے بیٹھی ہے

DRESS HOT COM
Ladies Under Garments
CEO
Kashf Abeer
0334-6096444
Kashf Abeer
COLLECTION
-313-
بوتیک سٹائل
زنانہ اور بچگانہ
برانڈڈ 2 پیس اور 3 پیس
نیازی ٹاؤن ملت کالونی گلی نمبر 21، راولپنڈی

ایڈیٹر انچیف۔۔۔ محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

لاہور؛ ڈائریکٹر جنرل (ریسرچ) ڈاکٹر سجاد حسین مایہ ناز جرمن فارماسیوٹیکل کمپنی کے نمائندگان سے ملاقات کر رہے ہیں

مقبوضہ جموں و کشمیر میں 80 فیصد پیلٹ متاثرین کی بینائی متاثر ہوئی ہے، رپورٹ

ممبئی (این این آئی) بھارتی اخبار ”ٹائمز آف انڈیا“ نے اپنی ایک رپورٹ میں کہا ہے کہ سرینگر میں جولائی اور نومبر 2016 کے درمیانی عرصے میں جن لوگوں کی آنکھیں بھارتی فورسز کے چھروں سے زخمی ہوئی ہیں، ان میں سے ایک بڑی تعداد کی بینائی میں کمی آئی ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق اخبار نے اس عرصے کے دوران کیے گئے 777 آنکھوں کے آپریشنز پر ایک جائزہ تحقیقی مقالے کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ ان میں سے تقریباً 80 فیصد کی بصارت متاثر ہوئی ہے۔ جائزے میں شہریوں کے خلاف پیلٹ گن استعمال نہ کرنے کا مشورہ دیا گیا ہے۔

وزیر توانائی خرم دستگیر خان (آج) ٹرانسمشن لائن سنگ کا بنیاد رکھیں گے

اسلام آباد (این این آئی) ملاکنڈی پاس کے مقام پر 500 کے وی کی کناری ٹرانسمشن لائن کا منصوبہ، وزیر توانائی خرم دستگیر خان (آج) منگل کو ٹرانسمشن لائن سنگ کا بنیاد رکھیں گے۔ این ٹی ڈی سی کے مطابق 75 کلو میٹر طویل 500 کے وی ٹرانسمشن لائن 18704 ملین روپے کی لاگت سے تعمیر کی جا رہی ہے، پاور پلانٹ نومبر 2024 میں بجلی کی پیداوار شروع کرے گا۔

محکمہ خزانہ کا گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں کی خریداری کیلئے محکمہ ایکسائز کو فنڈز فراہم کرنے سے انکار

لاہور (آن لائن) محکمہ خزانہ پنجاب نے محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن پنجاب کی جانب سے گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں کی خریداری سے متعلق سمری مسترد کر دی ہے۔ سمری میں محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن پنجاب نے 8 سو سے زائد نئی موٹر سائیکلیں اور ایک سو سے زائد نئی گاڑیاں خریدنے کی سمری منظوری کے لئے محکمہ خزانہ پنجاب کو بھیج رکھی تھی۔ محکمہ خزانہ پنجاب نے سمری مسترد کرتے ہوئے موقف اختیار کیا۔

(ن) لیگ تشدد اور گولی کی سیاست پر یقین نہیں رکھتی، سلیم رضا

پی ٹی آئی قیادت اپنا طرز عمل جمہوری بنائے ورنہ عوام کی شدید نفرت کا سامنا کرنا پڑیگا

لاہور (این این آئی) مسلم لیگ (ن) اسیر رہائی کمیٹی برائے اظہار یکجہتی قائد کے سیکرٹری اطلاعات، ممبر پی ڈی ایم رابطہ کمیٹی لاہور محمد سلیم رضا نے کہا ہے کہ (ن) لیگ تشدد اور گولی کی سیاست پر یقین نہیں رکھتی، کپتان نے سیاسی مخالفین کو ہمیشہ دشمن سمجھا اور بے بنیاد الزام تراشی سے کردار کشی میں کوئی کسر نہیں چھوڑی

سرکل گوجرخان میں ڈکیت بے لگام پولیس ڈکیت گینگ کو گرفتار کرنے میں ناکام

اسلحہ کی نوک پر پیٹرول پمپ ملازمین سے 27 لاکھ کیش چھین لی

گوجرخان (قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق سرکل گوجرخان میں اسلحے سے لیس ڈکیت گینگ بیلگام پولیس گینگ کو گرفتار کرنے میں بری طرح ناکام گزشتہ 3 دنوں میں تھانہ گوجرخان اور تھانہ جاتلی کی حدود میں ڈکیتوں نے ڈکیتی کی 3 وارداتوں میں تقریباً 70 لاکھ کے قریب کیش اور زیورات لوٹ لیے آج الصبح تھانہ گوجرخان کی حدود کانسی پل مطوعہ کے مقام پر 3 نوجوان اسلحہ بردار ڈکیتوں نے پیٹرول پمپ کی کیش بنک میں جمع کروانے کی غرض سے جانے والے ملازمین کو مطوعہ پل کے مقام پر اسلحہ کی نوک پر لوٹ لیا واقعے کی اطلاع پر پولیس تھانہ گوجرخان اور ایس ڈی پی او سرکل گوجرخان جائے وقوعہ پر پہنچے قاضیاں روڈ گوجرخان مطوعہ کانسی پل پر ڈکیتی کی واردات دلیرانہ واردات تین مسلح ڈاکو گن پوا؟ نٹ پر پٹرول پمپ ملازمین سے 27 لاکھ لوٹ کر فرار پٹرول پمپ کا عملہ بنک میں کیش جمع کرانے جا رہا تھا ڈاکوں نے مطوعہ پل پر پٹرول پمپ کے کیشئر کو گن پوا؟ نٹ پر زبردستی روکا عینی شاہدین کے مطابق آج صبح تقریباً 9 بجے کے قریب مطوعہ کی طرف سے دو بڑی عمر کے شخص موٹر سائیکل پر گوجرخان کی طرف جا رہے تھے کہ جب ان کا موٹر سائیکل کانسی پل کے قریب نئی کارپٹ روڈ پر پہنچا تو پیچھے سے تین نقاب پوش لڑکے جنہوں نے جین ٹروزر شرٹس پہن رکھی تھیں 125 موٹر سائیکل نمبری 761 پر آئے انہوں نے پٹرول پمپ عملہ کے موٹر سائیکل کو روکا اور تینوں نے اسلحہ کی نوک پر ان سے کیش چھین لی اور پھر گوجرخان کی طرف فرار ہو گئے جبکہ پٹرول پمپ کا عملہ کے ملازمین بھی دیکھتے ہی دیکھتے ان کے پیچھے موٹر سائیکل پر نکل پڑے ڈکیتی اس واردات سے موقع پر موجود لوگوں میں شدید خوف ہراس پھیل گیا واقع کی اطلاع پر پولیس تھانہ گوجرخان موقعے پر پہنچی ایس ڈی پی چوہدری نواز نے کہا پٹرول پمپس مالکان کو جوالیس او پیز بتائے گے ہیں ان کو فالو نہیں کیا گیا بغیر سیکیورٹی گارڈ کے اتنی بڑی رقم اکیلے ہی ملازمین جمع کروانے اکیلے ہی نکل آئے انھوں نے کہا واردات کی ہر طرح کے زاویوں سے تحقیقات کی جا رہی ہیں اور جلد ہی ملزمان کو گرفتار کیا جائے گا سرکل گوجرخان میں ڈکیتی کی بڑھتی ہوئی وارداتوں کی وجہ سے شہریوں میں شدید خوف و ہراس پایا جا رہا ہے گزشتہ دنوں تھانہ جاتلی کے نواحی علاقہ نابن جنجوعہ میں ڈکیتی کی واردات ہوئی جس میں ڈکیتوں نے تقریباً 27 لاکھ کی مالیت کے زیورات اور نقدی لے اڑے جبکہ پرسوں ہاؤسنگ سکیم نمبر 1 گوجرخان میں ڈکیتی کی واردات میں تقریباً 16 لاکھ مالیت کے زیورات اور نقدی سے شہریوں کو محروم کیا گیا جبکہ آج اور پچھلی دونوں وارداتوں میں 3 دن کے اندر 3 وارداتوں میں تقریباً 70 لاکھ کے قریب کیش اور زیورات ڈکیتی کی وارداتوں میں لوٹ لیے گے جو کہ پولیس کی کارکردگی پر ایک سوالیہ نشان ہے عوامی حلقوں نے آئی جی پنجاب سی پی او اور آر پی او راولپنڈی سے سختی سے نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔

راولپنڈی؛ چیمبر آف سمال ٹریڈرز اینڈ سمال انڈسٹریز کے صدر طارق خان جدون کا ڈی جی نادرا بریگیڈیئر ریٹائرڈ طلعت قیوم سے ملاقات کے موقع پر شرکاء کے ہمراہ گروپ فوٹو

عثمان بزدار کی ضمانت منظور، نیب کو گرفتاری سے روک دیا

سابق وزیر اعلیٰ پنجاب کی 22 نومبر تک عبوری ضمانت منظور، نیب کے پاس شامل تفتیش ہونے کا حکم

سابق وزیر اعلیٰ پنجاب عثمان بزدار کیخلاف مبینہ رشوت لے کر مختلف کمپنیوں کو لائسنس جاری کرنے کا الزام ہے

لاہور (این این آئی) احتساب عدالت نے قومی احتساب بیورو (نیب) کو تحریک انصاف کے مرکزی رہنما و سابق وزیر اعلیٰ پنجاب عثمان بزدار کی گرفتاری سے روک دیا۔ سابق وزیر اعلیٰ پنجاب عثمان بزدار کیخلاف مبینہ رشوت لے کر مختلف کمپنیوں کو لائسنس جاری کرنے کا الزام ہے اور نیب نے ان کیخلاف انکوائری شروع کر رکھی ہے۔ کچھ دن قبل قومی احتساب بیورو لاہور نے سابق وزیر اعلیٰ پنجاب عثمان بزدار کو غیر قانونی لائسنس اور آمدن سے زائد اثاثوں کے الزام پر گرفتار کرنے کا فیصلہ کیا تھا۔

لبنانی سیاست دان ذاتی مفادات کو بالائے طاق رکھ دیں: پاپائے روم

ویٹی کن سٹی (این این آئی) پاپائے روم پوپ فرانسیس نے لبنانی سیاست دانوں پر زور دیا کہ وہ اپنے ذاتی مفادات کو بالائے طاق رکھ دیں اور بحران سے متاثرہ ملک میں طاقت کے خلا کو پر کرنے کے لیے ایک معاہدہ طے کریں۔ بحرین کے دورے سے واپسی پر طیارے میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے پوپ نے کہا کہ میں لبنانی سیاست دانوں سے کہتا ہوں کہ وہ اپنے ذاتی مفادات کو بالائے طاق رکھتے ہوئے ملک کو دیکھیں اور کسی معاہدے پر پہنچیں۔

ایک منٹ میں 1140 مرتبہ تالیاں بجانے کی ویڈیو وائرل

آئیووا (این این آئی) امریکی نوجوان نے ایک خاص انداز سے ایک منٹ میں 1140 تالیاں بجا کر ایک نیا ریکارڈ قائم کیا ہے۔ انہوں نے اتنی تیزی سے تالیاں بجائی ہیں کہ وہ تھرتھراتی ہوئی تالیاں محسوس ہوئیں۔ گنیز بک آف ورلڈ ریکارڈ نے اس کی تصدیق کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ ایک منٹ میں سب سے زیادہ تالیاں پیٹنے کا غیر معمولی ریکارڈ ہے۔ یہ ہنر 20 سالہ ڈالٹن میسٹر کو آتا ہے، جنہوں نے سب سے تیز تالی بجانے والے ایک شخص کینٹ فرنچ کی ویڈیو دیکھ کر خود بھی اس کی مشق شروع کی۔ یہاں تک کہ وہ اب بہت تیزی سے تالیاں بجاتے ہیں۔

ساہیوال پاکستان کے آلودہ ترین شہروں کی فہرست میں پہلے اور کراچی دوسرے نمبر پر

لاہور (این این آئی) صوبے پنجاب کا شہر ساہیوال پاکستان کے آلودہ ترین شہروں میں سرفہرست رہا، جہاں اوسط ائیر کوالٹی انڈیکس 198 ریکارڈ کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز ساہیوال اور گردونواح میں ہر طرف دھند کا راج رہا، آلودگی خطرناک حد تک بڑھ گئی جس سے شہر میں گلے اور سانس کی بیماریوں میں اضافہ ہو رہا ہے۔ ساہیوال میں اوسط ائیر کوالٹی انڈیکس 198 ریکارڈ کیا گیا۔

پی ٹی آئی ممنوعہ فنڈنگ کیس، لاہور ہائیکورٹ کے جج کی عمران خان کی درخواست سننے سے معذرت

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ کے جج نے تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان کی ایف آئی اے میں طلبی کے نوٹس کے خلاف درخواست پر سماعت کرنے سے معذرت کر لی۔ لاہور ہائیکورٹ میں عمران خان کی ایف آئی اے طلبی کے نوٹس پر سماعت ہوئی، جس میں جسٹس علی ضیاء باجوہ نے عمران خان کی ممنوعہ فنڈنگ میں ایف آئی اے طلبی کے خلاف درخواست پر سماعت سے معذرت کر لی۔

بھارت میں درگاہ حاجی علی پر حملے کا الرٹ جاری

کنٹرول روم پر حملے کی دھمکی موصول ہوئی، درگاہ کی سیکیورٹی بڑھا دی گئی، ممبئی پولیس

ممبئی (این این آئی) بھارتی شہر ممبئی کی مشہور درگاہ حاجی علی پر حملے کا الرٹ جاری کیا گیا ہے، جس کے باعث درگاہ کی سیکیورٹی بڑھا دی گئی۔ کشمیر میڈیا سروس کی رپورٹ کے مطابق بھارتی شہر ممبئی میں مسلمانوں کی مشہور درگاہ حاجی علی واقع ہے جس پر حملے کا الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق ممبئی پولیس کو کنٹرول روم پر درگاہ حاجی علی پر حملے کی دھمکی موصول ہوئی تھی جس کے بعد درگاہ کی سیکیورٹی بڑھا دی گئی ہے۔

لاہور؛ کینال روڈ پر محنت کش خواتین پھل فروخت کرنے کیلئے بیٹھی ہیں

آیان
وڈ ورکس اینڈ فرنیچر ہاؤس
عامر محمود 0311-5185882
فیاض احمد 0300-7817756
ہمارے ہاں، کھڑکیاں،، دروازے، اٹالین کچن
الماریاں، ریلنگ، پیلنگ، فرنیچر اور لکڑی کا
ہر قسم کا کام انتہائی مناسب ریٹ پر کیا جاتا ہے
نیز کوٹھیوں، مکانوں اور آفس فینسی سے فینسی کام تسلی بخش کیا جاتا ہے
ایک بار وزٹ ضرور کروائیں